http://dailygawadarbusiness.com.pk
Email.dailygwadarbusiness@gmail.com
Member APNS
کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت
Daily Gwadar Business Quetta
ABC Certified
روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ
جلد 22 | جمعہ 10 جولائی 2026ء | 24 محرم الحرام 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 09

امریکہ کے ایران میں 90 اہداف پر حملے 17 افراد شہید 78 زخمی

ایران نے جوابی حملوں میں کویت اور بحرین میں امریکی فوجی اڈوں کو نشانہ بنایا

کئی علاقوں میں بجلی کی فراہمی معطل، امریکی حملے میں چین ایران ریلوے کوریڈور کا اہم پل نشانہ بن گیا، ٹرین سروس بند، جنگ بندی کے باوجود امریکا نے 2 روز کے دوران 5 صوبوں کو حملوں کا نشانہ بنایا، ایران

بحری جہازوں پر حملوں کے ردعمل میں ایران پر حملے کیے، دوبارہ کوئی ایسی کارروائی ہوئی تو نتائج اس سے کہیں زیادہ برے ہوں گے (ٹرمپ)، حملہ کرو گے تو جواب بھی ملے گا، قالیباف کا امریکا کو انتباہ

ایران نے آبنائے ہرمز بند کرنے کی کوشش کی تو اسے امریکی فوج کی جانب سے جوابی کارروائی کا سامنا کرنا پڑے گا، جے ڈی وینس کی دھمکی

تہران / واشنگٹن / کویت سٹی / منامہ (این این آئی) امریکہ کی جانب سے ایک بار پھر ایران کے مختلف ساحلی علاقوں پر حملوں کے نتیجے میں 17 افراد شہید اور کئی زخمی ہوگئے، کئی علاقوں میں بجلی کی فراہمی بھی معطل ہوگئی جبکہ ایرانی فورسز نے جلد خطے میں امریکی فوجی اڈوں (بقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم سے کروشیا کے وزیر خارجہ کی ملاقات

پاکستان اور کروشیا کے درمیان دوستانہ تعلقات باہمی احترام، خیرسگالی اور مشترکہ مفادات پر مبنی ہیں، وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے پاکستان اور (بقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کوئٹہ کا دورہ مکمل کر کے واپس روانہ ہوگئے

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کوئٹہ کا دورہ مکمل کر (بقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر)

سان فرانسسکو میں پی ٹی آئی کا سیاسی ڈرامہ بری طرح ناکام ہوا، احسن اقبال

ایک بار پھر ثابت ہوگیا ہے سوشل میڈیا کا شور ہمیشہ زمینی حقیقت اور عوامی حمایت کی عکاسی نہیں کرتا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات و خصوصی (بقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر)

☆☆☆☆ کوئٹہ: وزیراعظم شہباز شریف اپیکس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں، فیلڈ مارشل، گورنر اور وزیراعلیٰ بھی موجود ہیں ☆☆☆☆

دہشتگردی میں مشرقی پڑوسی کا ہاتھ ہے، سب ملکر فتنے کو ختم کریں گے، پاکستان کی سفارتی کامیابیاں دشمنوں کو ہضم نہیں ہو رہیں

دہشتگردی کے خاتمہ کیلئے پرعزم ہیں، وزیراعظم

امن کی بحالی اور ترقی کے لئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائینگے

وزیراعظم کا فیلڈ مارشل، وفاقی وزراء کے ہمراہ کوئٹہ کا دورہ، فرض ادائیگی کے دوران جانوں کا نذرانہ دینے والے شہداء کو خراج عقیدت، اہل خانہ سے اظہار یکجہتی

بلوچستان میں امن پاکستان کے استحکام، ترقی اور خوشحالی کیلئے ناگزیر ہے، ملک دشمنوں کی جانب سے ترقی کے سفر کو سبوتاژ کرنے کی ہر کوشش ناکام بنائینگے، شہباز شریف

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے فرض ادائیگی کے دوران جانوں کا نذرانہ پیش کرنے والے شہدا کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان (بقیہ نمبر 29 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملک سے دہشت گردی (بقیہ نمبر 28 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ ملک میں ہونے والی دہشت گردی میں مشرقی پڑوسی کا ہاتھ ہے، سب مل کر فتنے کو ختم کریں گے۔ جمعرات کو وزیراعظم (بقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر)

وفاقی حکومت نے ترقیاتی فنڈز کی فراہمی مالیاتی گنجائش سے مشروط کردی

رواں مالی سال کی پہلی سہ ماہی میں صرف 15 فیصد اور دوسری میں 20 فیصد فنڈز جاری ہوں گے

پی ایس ڈی پی کے تحت فنڈز 4 سہ ماہی اقساط میں جاری ہوں گے، نوٹیفکیشن

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے ترقیاتی فنڈز کی فراہمی مالیاتی گنجائش سے مشروط کردی۔ نیا مالی سال شروع ہوتے ہی ترقیاتی فنڈز کے اجرا کیلئے سخت شرائط عائد (بقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر)

سردار اختر مینگل، مولانا فضل الرحمٰن ملاقات بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال پر غور

ملاقات میں موجودہ ملکی سیاسی صورتحال پر بات چیت اور بلوچستان میں امن وامان کی صورتحال پر غور وخوض اور انتہائی تشویش کا اظہار کیا

امن وامان کی موجودہ صورتحال کسی بھی صورت ملک اور قوم کے مستقبل کے لئے امید افزاء نہیں ہے، دونوں رہنماؤں کا اتفاق

اسلام آباد+کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ وسابق وزیراعلیٰ بلوچستان سردار اختر جان مینگل نے جمعرات کو وفد کے ہمراہ جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن سے انکی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔ ملاقات میں اسلم غوری، سینیٹر کامران مرتضیٰ، (بقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر)

شام کو دہشت گردی کی سرپرستی کرنے والی ریاستوں کی فہرست سے نکال دوں گا، ٹرمپ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ شام کو دہشت گردی کی سرپرستی کرنے والی ریاستوں کی فہرست سے نکال دوں گا۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے نیٹو اجلاس کی سائیڈ لائن پر شامی صدر احمد الشرع سے ملاقات (بقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر)

اسرائیلی فوج کی خلاف ورزیاں جاری، حملے اور فائرنگ سے 9 فلسطینی شہید

اسرائیلی فوج کے حملوں سے شہید ہونے والوں میں 6 اور 10 سال کے دو بچے بھی شامل ہیں

غزہ/تل ابیب (این این آئی) اسرائیلی فوج کی غزہ جنگ بندی کی خلاف ورزیاں جاری، فضائی حملے اور فائرنگ سے 9 فلسطینی شہید ہوگئے۔ فلسطینی حکام کے مطابق اسرائیلی فوج (بقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: سردار اختر جان مینگل جمعیت علماء اسلام کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن سے ملاقات کر رہے ہیں

سعودی عرب کی بلوچستان میں سکیورٹی اہلکاروں پر حملوں کی مذمت

ریاض (این این آئی) سعودی عرب نے بلوچستان میں پولیس اور سکیورٹی اہلکاروں پر ہونے والے حملوں کی شدید مذمت کی ہے جس میں متعدد اموات ہوئی ہیں۔ عرب (بقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر)

ایرانی وزیر خارجہ کا فیلڈ مارشل سے رابطہ امریکی حملوں کو مفاہمتی دہشت کی خلاف ورزی قرار دیا

ایرانی وزیر خارجہ کی امریکی حملوں کی مذمت، اقوام متحدہ کے چارٹر اور اسلام آباد میمورنڈم آف انڈرسٹینڈنگ کی خلاف ورزی قرار دیا

اگر امریکی حکام اس معاہدے کی پابندی نہیں کرتے تو یہ واشنگٹن کی جنگی پالیسیوں کا تسلسل ہوگا، عباس عراقچی

تہران (م ڈ) ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کا فیلڈ مارشل عاصم منیر سے رابطہ ہوا، ایرانی وزیر خارجہ نے فیلڈ مارشل سے خطے کی تازہ صورتحال پر گفتگو کی۔ ایران کی نیم (بقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر)

پاکستان اور قطر امریکا اور ایران کو دوبارہ مذاکرات کی میز پر لانے کیلئے کوششیں

فریقین سلام آباد مفاہمت کی یادداشت کے تحت اپنے وعدوں کی پاسداری کریں، پاکستان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی میڈیا نے دعویٰ کیا ہے کہ پاکستان، قطر امریکا اور ایران کو دوبارہ مذاکرات کی میز پر لانے کیلئے کوششیں کر رہے ہیں۔ امریکی میڈیا سی (بقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: قائم مقام صدر سید یوسف رضا گیلانی سے جمہوریہ کروشیا کے وزیر برائے خارجہ و یورپی امور ڈاکٹر گورڈن گرلیچ ریڈ مین ملاقات کر رہے ہیں

دہشتگرد اور سہولت کار بلوچستان کے عوام کی ترقی، خوشحالی اور قومی یکجہتی کے دشمن ہیں

وزیراعلیٰ بگٹی

بلوچستان اپیکس کمیٹی کا اجلاس دہشت گردی کے مکمل خاتمے، پائیدار امن کے قیام اور بلوچستان کے روشن مستقبل کی جانب ایک فیصلہ کن پیش رفت ہے

ریاست دشمن عناصر، ان کے سہولت کاروں اور پاکستان کے خلاف سرگرم تمام دہشت گرد نیٹ ورکس کو ہر قیمت پر شکست دی جائے گی

کوئٹہ (این این آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی زیر صدارت کوئٹہ میں منعقدہ بلوچستان اپیکس کمیٹی کا اجلاس دہشت گردی کے مکمل خاتمے، پائیدار امن کے قیام اور بلوچستان کے روشن مستقبل کی جانب ایک فیصلہ کن پیش رفت ہے۔ اجلاس میں قومی اور صوبائی سیاسی وعسکری قیادت نے دہشت گردی کے خلاف غیر متزلزل عزم کا (بقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر)

چاہے بلوچستان ہو یا خیبر پختونخوا، ہر دہشت گردی کے پیچھے بھارت کا ہاتھ ہے، بیرسٹر گوہر

بھارتی خفیہ ایجنسی ''را'' پاکستان کے خلاف پراکسی جنگ لڑ رہی ہے

ہر دہشت گردی کے پیچھے بھارت کا ہاتھ ہے، چیئرمین پی ٹی آئی

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا ہے کہ چاہے بلوچستان ہو یا خیبر پختونخوا، ہر دہشت گردی کے پیچھے بھارت کا ہاتھ (بقیہ نمبر 241 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: کوئلہ پھاٹک پر سانحہ زیارت کے لواحقین احتجاجی دھرنا دیئے بیٹھے ہیں

جغرافیائی کشیدگی کے باعث ترقی پذیر ایشیا کی شرح نمو 4.9 فیصد تک محدود

مہنگائی میں اضافے کا خدشہ

اے ڈی بی نے 2026 کی شرح نمو کا تخمینہ کم کر دیا، توانائی بحران، مہنگائی اور سپلائی چین میں رکاوٹوں سے خطے کو سنگین معاشی خطرات لاحق

عالمی توانائی کی منڈیوں میں پیدا ہونے والی غیر یقینی صورتحال نے ترقی پذیر ایشیائی معیشتوں کو توقعات سے زیادہ متاثر کیا

کراچی (این این آئی) ایشیائی ترقیاتی بینک (اے ڈی بی) نے ترقی پذیر ایشیا اور بحرالکاہل کی معیشتوں کے لیے 2026 کی اقتصادی ترقی کی پیش گوئی کم کرتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ عالمی توانائی بحران، جغرافیائی سیاسی کشیدگی اور سپلائی چین میں رکاوٹوں کے باعث خطے میں مہنگائی کا دباؤ مزید بڑھ سکتا ہے۔ اے ڈی بی کی جانب سے جولائی 2026 میں جاری کیے گئے ایشین ڈویلپمنٹ آؤٹ لک کے مطابق (بقیہ نمبر 33 صفحہ 3 پر)

حکومت کا رواں مالی سال کے دوران پہلی مرتبہ ہائبرڈ سکوک بانڈز جاری کرنے کا فیصلہ

کراچی (این این آئی) وفاقی حکومت نے رواں مالی سال کے دوران پہلی مرتبہ ہائبرڈ سکوک بانڈز جاری کرنے کا فیصلہ کرلیا ہے۔ اس اقدام کا مقصد اسلامی مالیاتی ذرائع سے (بقیہ نمبر 34 صفحہ 3 پر)

چیف جسٹس سے مسلم ورلڈ لیگ کے سیکرٹری جنرل کی ملاقات

چیف جسٹس کی انتہاپسندی اور اسلاموفوبیا کے تدارک کے لیے مسلم ورلڈ لیگ کی کاوشوں کی تعریف

دنیا میں انسانی فلاحی اقدامات کیلئے مسلم ورلڈ لیگ کا کردار قابل تعریف ہے، گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس یحییٰ آفریدی نے انتہاپسندی اور اسلاموفوبیا کے تدارک کے لیے مسلم ورلڈ لیگ کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے (بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر)

جون 2026ء میں ترسیلاتِ زر 3.5 ارب ڈالرز رہیں، اسٹیٹ بینک

کراچی (این این آئی) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے جون میں بیرونِ ملک مقیم پاکستانیوں کی جانب سے بھیجے گئے ڈالرز کی (بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر)

رئیسہ عادل کو پی آئی او اور مبشر حسن کو ڈی جی ڈیجیٹل کمیونیکیشن ڈیپارٹمنٹ تعینات کردیا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے انفارمیشن گروپ کے گریڈ (بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر)

لاہور: پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پروٹیکٹڈ صارفین سے متعلق پالیسی میں تبدیلی نہیں کی گئی، وزارت توانائی

پروٹیکٹڈ صارفین کیٹیگری کیلئے 6 ماہ بجلی کا بل 200 یونٹس سے کم ہونا ضروری ہے، پاور ڈویژن

اسلام آباد (این این آئی) وزارت توانائی نے کہا ہے کہ پروٹیکٹڈ صارفین سے متعلق پالیسی میں تبدیلی نہیں کی گئی، مسلسل 6 ماہ تک 200 یونٹس یا اس سے کم بجلی استعمال (بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر)

وزیر خزانہ سے برطانیہ میں پاکستان کے نو تعینات ہائی کمشنر کی ملاقات

پاکستان برطانیہ کے ساتھ اپنی دیرینہ اور مضبوط شراکت داری کو ہر شعبے میں مزید مستحکم بنانے میں پرعزم ہے، اورنگزیب

دوطرفہ شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے کے امکانات پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ ومحصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ برطانیہ میں مقیم پاکستانی کمیونٹی دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات کو مستحکم (بقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر)

لاہور: وفاقی وزیر موسمیاتی تبدیلی ڈاکٹر مصدق ملک تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

رواں سال عالمی معیشت کی ترقی کی 3.4 فیصد رہے گی، آئی ایم ایف

عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں اضافہ، مسلسل غیر یقینی صورتحال اور ساختی عوامل چین کی معاشی سرگرمیوں پر بدستور کچھ منفی اثرات مرتب کرسکتے ہیں

2026 کی پہلی سہ ماہی میں چین کی معیشت نے توقعات سے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) نے تازہ ترین عالمی اقتصادی جائزہ رپورٹ جاری کرتے ہوئے پیشگوئی کی ہے کہ 2026 میں عالمی معیشت کی ترقی کی شرح 3 فیصد جبکہ 2027 میں 3.4 فیصد رہے گی۔ عالمی اقتصادی جائزہ رپورٹ کے حوالے سے بتایا گیا کہ رواں سال اپریل میں جاری کی گئی عالمی اقتصادی جائزہ رپورٹ کے مقابلے میں آئی ایم ایف نے 2026 کے لیے عالمی (بقیہ نمبر 8 صفحہ 3 پر)

سردار اختر مینگل نے بطور ممبر قومی اسمبلی ملنے والی تمام تنخواہیں ومراعات سرکاری خزانے کو واپس کردیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر مینگل نے (بقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر)

محسن نقوی کی سیکرٹری جنرل اقوامِ متحدہ انتونیو گوتریس سے ملاقات

نیویارک (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے اقوام متحدہ کے سیکریٹری جنرل انتونیو گوتریس سے ملاقات کی جس میں (بقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر)

اردن کی فضائی حدود میں ایرانی میزائلوں کے داخلے پر سائرن بج گئے

عمان (این این آئی) اردن میں خطروں کے سائرن بجا دیے گئے، ایران سے (بقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر)

دہشت گرد اپنے عزائم میں کامیاب نہیں ہوں گے، میر ضیا اللہ لانگو

خضدار واقعے میں ملوث عناصر کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن جاری، امن کے قیام کے لیے حکومت پرعزم

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیا اللہ لانگو نے خضدار میں میر شفیق الرحمان مینگل پر ہونے والے دہشت گردانہ حملے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے (بقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر)

افغانستان میں موجود دہشتگرد تنظیمیں پاکستان کی سلامتی کیلئے خطرہ ہیں

اسحاق ڈار

بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی، پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنا بین الاقوامی قوانین اور معاہدوں کی خلاف ورزی ہے، وزیر خارجہ

پاکستان اور کروشیا کے تعلقات باہمی احترام اور اعتماد کی بنیاد پر استوار ہیں، کروشین وزیر خارجہ

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم اور وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار سے جمعرات کو کروشیا کے وزیر برائے خارجہ و یورپی امور ڈاکٹر گورڈن گرلیچ ریڈ مین اور کروشین وفد نے یہاں ملاقات کی جس میں دونوں فریقوں نے تجارت، سرمایہ کاری، زراعت، افرادی قوت کی منتقلی، ویزا سہولت، تعلیم، دفاع، موسمیاتی تبدیلی، سیاحت، انفراسٹرکچر اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں (بقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر)

ریاستی اداروں پر الزامات، سہیل آفریدی کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم

اسلام آباد (این این آئی) ریاستی اداروں پر الزامات لگانے کے مقدمے میں عدالت نے وزیر اعلیٰ خیبر پختون خوا سہیل آفریدی (بقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ: نواب ایاز جوگیزئی کی قیادت میں پشتونخوا میپ کے کارکن ہنہ اوڑک دھرنا میں شرکت کیلئے جا رہے ہیں

سرکاری حج مزید مہنگا ہونیکا امکان، مختصر پیکج 13 لاکھ تک جانیکی توقع

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) ذرائع وزارت مذہبی امور کے مطابق آئندہ سال سرکاری حج سکیم کے تحت مختصر حج پیکج کی (بقیہ نمبر 39 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ اور کراچی کلی بیری سے اغوا ہونیوالے 11 افراد بازیاب ہوگئے

کوئٹہ شہر روانہ کردیا رات گئے کوئٹہ پہنچ جائیں گے، گزشتہ روز ایک مغوی کو اغواء کاروں نے زخمی ہونے کی وجہ سے چھوڑ دیا تھا، صوبائی وزراء

حکومت اور قبائلی عمائدین کی کوششوں سے ہنہ اوڑک کلی بیری سے اغواء ہونے والے 10 افراد کو بحفاظت بازیاب کرالیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے نواحی علاقے ہنہ اوڑک کلی بیری سے اغواء ہونیوالے 11 افراد بازیاب ہوگئے۔ صوبائی وزیر داخلہ میر ضیاء لانگو، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ اور مقامی قبائلی رہنما آصف کاکڑ نے بتایا کہ (بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر)

سیاسی قیدیوں کو رہا کر کے شفاف انتخابات کا اعلان کیا جائے، نیشنل پارٹی

پارلیمنٹ کے بجائے اپیکس کمیٹی سے معاملات حل کرنا مزید مشکلات پیدا کرتا ہے، اسلم بلوچ

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر اسلم بلوچ نے کہا ہے کہ گزشتہ ایک ہفتہ کے دوران ایک سو سے زائد لوگوں کا خون بہا ہے جن میں شہری، پولیس کے جوان، سیت مستونگ میں عیسائی برادری کے دو نوجوانوں کا خون بہا سڑکوں پر (بقیہ نمبر 41 صفحہ 3 پر)

کراچی: چیف سیکرٹری سندھ آصف حیدر اور وزیر خوراک مخدوم محبوب اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایرانی ٹارگٹ کلنگ لسٹ میں میرا نام سرِ فہرست ہے، ٹرمپ کا دعویٰ

انقرہ (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ میں ایران کی ٹارگٹ کلنگ کی فہرست میں پہلے نمبر پر ہوں۔ ترکیہ میں نیٹو سربراہی اجلاس کے موقع پر ٹرمپ نے کہا (بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر)

حکومت نے درآمدی کوئلے پر کم از کم ایک فیصد ویلیو ایڈیشن ٹیکس کا اطلاق کردیا

اسلام آباد (این این آئی) حکومت نے درآمدی کوئلے پر کم از کم ایک فیصد ویلیو ایڈیشن ٹیکس کا اطلاق کردیا اور شرائط (بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر)

آزاد کشمیر، تحریکِ انصاف کے متعدد رہنماؤں کا ان لیگ میں شمولیت کا اعلان

عوام کو اپنی آزادانہ رائے کے مطابق نمائندے منتخب کرنے کے لیے سازگار اور پرامن ماحول کی فراہمی ناگزیر ہے

عوام کے ووٹ کا تحفظ اور انتخابی عمل کی ساکھ ہر صورت یقینی بنائی جائے گی، مشیر وزیراعظم

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بین الصوبائی رابطہ رانا ثنا اللہ سے مسلم لیگ (ن) آزاد کشمیر کے وفد نے ملاقات کی جس میں انتخابات کے پرامن انعقاد کے لیے (بقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر)

نوشکی میں نامعلوم مسلح افراد کی پولیس پر فائرنگ، 2 اہلکار شہید

پولیس نے نعشیں قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیں

کوئٹہ (این این آئی) نوشکی میں نامعلوم مسلح افراد کی پولیس پر فائرنگ کے نتیجے میں 2 اہلکار شہید ہوگئے۔ پولیس کے مطابق جمعرات کو نوشکی کے علاقے عین الدین (بقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر)

سندھ حکومت کا گندم کی ذخیرہ اندوزی کے خلاف کریک ڈاؤن کا فیصلہ

سندھ کابینہ کے فیصلے کی روشنی میں مقررہ حد سے زائد گندم کا ذخیرہ غیر قانونی ذخیرہ اندوزی تصور ہوگا، چیف سیکرٹری سندھ

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے صوبے بھر میں گندم کی ذخیرہ اندوزی کے خلاف سخت کارروائی کا فیصلہ کرتے ہوئے غیر قانونی طور پر ذخیرہ کی گئی گندم فوری طور پر ضبط کرکے سرکاری امدادی قیمت پر خرید نے کا اعلان کردیا ہے۔ اس مقصد کے لیے تمام (بقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر)

عالمی چیلنجز سے تنہا نمٹنا ممکن نہیں، محسن نقوی

ماورائے سرحد جرائم کے خاتمے کیلئے فوری روابط اور ٹیکنالوجی کا اشتراک ناگزیر ہے

ٹیکنالوجی انتہائی تیز رفتاری سے بدل رہی ہے اور جرائم پیشہ عناصر جرائم کی نئی اور جدید تکنیکیں استعمال کر رہے ہیں

دنیا کو اس وقت جن مشترکہ سکیورٹی چیلنجز کا سامنا ہے، وہ کسی ایک ملک تک محدود نہیں بلکہ ماورائے سرحد ہیں

نیویارک (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ دنیا کو اس وقت جن مشترکہ سکیورٹی چیلنجز کا سامنا ہے، وہ کسی ایک ملک تک محدود نہیں بلکہ ماورائے سرحد ہیں؛ کوئی بھی ملک تنہا ان خطرات سے نہیں نمٹ سکتا۔ اقوام متحدہ کی پولیس سربراہان کی سمٹ (یو این سی) (بقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر)

تمام شراکت داروں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد ہو کر کام کرنا ہوگا، شرجیل میمن

حکومت عوام کو جدید، محفوظ اور معیاری سفری سہولیات کی فراہمی کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے

کراچی (این این آئی) سندھ کے سینئر وزیر برائے اطلاعات، ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ شرجیل انعام میمن سے عالمی بینک کے اعلیٰ سطح وفد نے ملاقات کی، جس میں جاری ٹرانسپورٹ منصوبوں، مستقبل کے انفراسٹرکچر پروگرامز، سرمایہ کاری کے مواقع اور باہمی تعاون کے فروغ (بقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر)

اسلام آباد: چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی سے سیکرٹری جنرل مسلم ورلڈ لیگ محمد بن عبدالکریم ملاقات کر رہے ہیں

ایران نے برطانوی سفیر کو طلب کرلیا، سیکیورٹی الزامات پر احتجاج

تہران (این این آئی) ایران نے برطانیہ کی جانب سے عائد کیے گئے سیکیورٹی الزامات پر احتجاج کرتے ہوئے برطانوی سفیر کو طلب (بقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر)

پاکستان میں موجود کشمیریوں کی نشستیں ختم کرنے کا کوئی جواز نہیں، خواجہ سعد رفیق

جہلم (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے رہنماء خواجہ سعد رفیق نے کہا ہے کہ پاکستان میں موجود کشمیریوں کی نشستیں (بقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر)

کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت روزنامہ
Daily Gwadar Business
ABC Certified
روزنامہ گوادر بزنس
ایڈیٹر ریاض احمد

پانی ہماری بقا، ہر صورت تحفظ کیا جائے!

وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے کہا کہ سندھ طاس معاہدے کے تحت پاکستان کو پانی پر ناقابلِ تنسیخ حق حاصل ہے۔ پانی ہماری بقا ہے اور ہم ہر صورت اس کا تحفظ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کو یکطرفہ طور پر معطل رکھنے کی ناکام کوشش کی گئی جس کی نہ کوئی قانونی حیثیت ہے اور نہ ہی کوئی اخلاقی جواز۔ اس اقدام سے بھارت کو شرمندگی کے سوا کچھ حاصل نہیں ہوا۔ پانی کسی بھی ملک کی بقا کے لیے اولین حیثیت رکھتا ہے۔ پاکستان بنیادی طور پر ایک زرعی ملک ہے، جہاں انسانوں اور جانوروں کے پینے کے ساتھ ساتھ زراعت کے لیے بھی پانی کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔ جغرافیائی طور پر پاکستان مقبوضہ کشمیر کے نشیبی علاقے میں واقع ہے۔ بھارت نے جبراً کشمیر کے اس حصے پر اپنا تسلط جما رکھا ہے۔ نشیب میں ہونے کی وجہ سے بھارت جب چاہے پاکستان کے حصے کا پانی روک دیتا ہے، جبکہ شدید بارشوں کے موسم میں اپنے ڈیموں کے دروازے کھول کر پاکستان کو سیلاب میں ڈبونے تک کی سازشیں بھی کرتا رہا ہے۔ سندھ طاس معاہدے کے تحت وہ پاکستان آنے والے دریاؤں پر ڈیم بنانے کا مجاز نہیں، لیکن اس کی جانب سے ایک عرصے سے اس معاہدے کی خلاف ورزیاں کی جا رہی ہیں۔ اب تو اس نے سندھ طاس معاہدے کو ہی ختم کرنے کا اعلان کرتے ہوئے اسے معطل کر رکھا ہے۔ پاکستان کے پانی کے معاملے پر پوری قوم متحد ہے۔ چیئرمین پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری نے گلگت بلتستان میں نومنتخب وزیر اعلیٰ کی حلف برداری کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سندھ طاس معاہدے پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، اور اگر جنگ لڑنا پڑی تو لڑیں گے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت سندھ طاس معاہدے کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنا چاہتا ہے۔ مودی کو بتانا چاہتا ہوں کہ اس کی سازش کو ہم اچھی طرح جانتے ہیں۔ پاکستان کے عوام سیسہ پلائی دیوار ہیں اور دشمن کی ہر سازش کو ناکام بنائیں گے۔ سندھ طاس معاہدے پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، اور اگر جنگ لڑنا پڑی تو لڑیں گے۔ پاکستان کی حفاظت کے لیے ہر حد تک جائیں گے۔ نریندر مودی ذاتی طور پر اپنے اقتدار کی ہوس میں پاکستان اور بھارت کے مابین تنازعات کو مزید ہوا دیتے ہوئے حالات کو جنگ تک لے گئے تھے۔ وہ تیسری مرتبہ بھارت کے وزیر اعظم منتخب ہوئے ہیں، اور ہر مرتبہ ان کی جانب سے پاکستان کے خلاف نفرت کا زہر پھیلایا جاتا رہا ہے۔ پلوامہ کا فالس فلیگ آپریشن کر کے پاکستان پر جارحیت کی گئی، جس کا پاکستان نے منہ توڑ جواب دیا۔ اس کے زخم بھارت قیامت تک سہلاتا رہے گا۔ پاکستان کے خلاف چونکہ مودی سرکار بے بس ہو چکی ہے اور براہِ راست مقابلہ کرنے سے لاچار ہے، اس لیے اپنی پراکسیز کے ذریعے پاکستان میں دہشت گردی کروائی جا رہی ہے۔ پاکستان کے خلاف پانی کو ہتھیار کے طور پر استعمال کرنا بھی دہشت گردی ہے۔ اگر پاکستان کی بقا کو خطرہ لاحق ہوا تو پاکستان یقیناً خاموش نہیں رہے گا۔ سندھ طاس معاہدے کو سبوتاژ کرنے پر اگر جنگ ہوتی ہے تو اس کا نتیجہ بھی مئی 2025ء کی جنگ سے مختلف نہیں نکلے گا۔ گزشتہ جنگ میں پاکستان نے تحمل کا مظاہرہ کرتے ہوئے بھارت کے صرف آٹھ جہاز گرائے تھے اور اپنی مرضی کے اہداف کو نشانہ بنایا تھا۔ آئندہ کسی ممکنہ جنگ کے نتائج بھارت کے لیے مزید بھیانک اور خوفناک ہو سکتے ہیں۔ بھارت اپنی حرکتوں سے پورے خطے کے امن و سلامتی کو خطرے میں ڈال رہا ہے۔ عالمی برادری، موثر عالمی طاقتوں اور اقوام متحدہ کو خطے کی صورتحال کا ادراک کرتے ہوئے بھارت پر دباؤ ڈالنا ہوگا تاکہ اسے معاہدے پر کاربند رہنے پر مجبور کیا جا سکے۔ یہی خطے اور عالمی امن کے لیے بہتر ہوگا۔

امریکی آزادی کے ڈھائی سو سال!

تحریر۔ مصطفیٰ کمال پاشا

برطانیہ عظمیٰ کے زیر تسلط 13 ریاستوں نے آزاد ہو کر اکٹھے مل کر ایک متحدہ ریاست، امریکہ کے نام سے تشکیل دی۔ 4 جولائی 1776ء کو اعلان آزادی کے ساتھ ہی ریاست ہائے متحدہ امریکہ معرض وجود میں آئی۔ اس بات کو ڈھائی سو سال ہو چکے ہیں اس دوران دنیا کی عظیم ریاست برطانیہ عظمیٰ نے عروج بھی دیکھا ایک وقت تھا کہ اس ریاست کے زیر تحت دنیا کی اتنی زمین تھی کہ اس کے ایک طرف سورج غروب ہو رہا تھا تو اس کی مقبوضات میں سورج طلوع ہو رہا ہوتا تھا اسی لئے کہا جاتا تھا کہ برطانیہ عظمیٰ کی مقبوضات میں سورج غروب ہی نہیں ہوتا، انگریز دنیا کے طول و عرض میں پھیلے ہوئے تھے سوان کا ڈنکا بج رہا تھا مسلمانوں کی بغدادی سلطنت، عثمانی سلطنت اور مغلیہ سلطنت اپنی اپنی جگہ موجود تھیں لیکن جو عظمت برطانیہ عظمیٰ کو حاصل تھی وہ کسی اور کے حصے میں نہیں آئی تھی۔ برطانوی بادشاہت نے یورپی ہم مذہبوں کے ساتھ مل کر پوری دنیا پر قبضہ کرنے کا جو منصوبہ بنایا تھا وہ تو کامیاب نہ ہو سکا لیکن وہ سب مسلمانوں کا اقتدار ختم کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ عربوں کو عثمانیوں کے خلاف کھڑا کر کے کمزور خلافت کے تابوت میں آخری کیل بھی ٹھونک دی حتیٰ کہ مسلمانوں کا سیاسی اقتدار مکمل طور پر ختم ہو گیا۔ بغدادی، مغلیہ و عثمانی سلطنتیں فنا کی گھاٹ اتر گئیں۔ مسلمان تقسیم در تقسیم کے عمل کے ذریعے کمزور کر دیئے گئے لیکن ایک بات ضرور ہے کہ مسلمانوں نے اپنے تہذیبی و سیاسی عروج کے دور میں بلکہ ارتقائی عمل کے دوران ہی سائنس و فنون، ادب وغیرہ کی ترویج کیلئے منظم انداز اختیار کیا۔ یورپ میں اندھیرے دور سے نکلنے کی ابتداء اسی دور میں ہوئی۔ یورپ، برطانیہ اور پھر امریکہ کی ترقی کی بنیادیں اسی اسلامی دور میں تلاش کی جا سکتی ہیں۔ پیسے کی دریافت، بھاپ پر قابو پانا، انجن بنانا جیسے تاریخی واقعات نے انقلاب فرانس کو جنم دیا جس کے بطن سے دور حاضر کا جدید نظام نکلا۔ سفید انسان نے ایک نئے جمہوری نظام کے تحت زندگیاں گزارنے کا فیصلہ کیا۔ یہی نہیں بلکہ تہذیب و تمدن کی آبیاری اور رہنمائی کا فریضہ بھی اپنے تئیں سنبھال لیا۔ دور حاضر کی تہذیب مغرب اگر رہنما تہذیب اور مغربی نظام پوری دنیا پر چھایا ہوا ہے تو اس کی بنیادیں اسی دور میں تلاش کی جا سکتی ہیں جب انسان نے مل جل کر رہنا سیکھا۔ سائنسی علوم کے فروغ نے کلیسیا کی چودھراہٹ میں کمی کی۔ کلیسیا اور جاگیردار کے اتحاد کو کمزور کیا پھر ایک جمہوری نظام نے ایک خوشحال معاشرے کو جنم دیا۔ افکار جدید کی ابتداء یورپ میں ہوئی۔ برطانیہ نے اس نظام کو مستحکم کیا، فروغ دیا۔ اس طرح وہ خود بھی عظمیٰ یعنی برطانیہ عظمیٰ کے مقام علیا پر فائز ہوا۔ سرمایہ دارانہ نظام کا قیام اسی دور کی بنیاد ہے، لیکن یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ تہذیب مغرب اور سرمایہ دارانہ نظام کو ایک عالمی نظام کے مقام تک امریکہ نے پہنچایا۔ اس وقت جو عالمی نظام دنیا کو گرفت میں لئے ہوئے ہے وہ امریکی قیادت کا ہی کمال ہے۔ امریکی نظام سیاست اور معیشت ہی نہیں بلکہ نظام معاشرت بھی دنیا پر غالب ہے۔ امریکہ معاشی، سیاسی اور معاشرتی طور پر دنیا کی ایک غالب حقیقت ہے اپنے ڈھائی سو سالہ قیام کے دوران شاید ہی کوئی لمحہ ایسا گزرا ہو جب وہ دن گیا حالتِ جنگ میں مبتلا نہ رہا ہو۔ جنگ ہی اس کی معاشی تعمیر و ترقی کا ذریعہ ہے اس کی سفارتی حکمت عملی بھی جنگ اور معیشت کے فلسفے پر ترتیب پاتی ہے۔ دوسری جنگ عظیم نے برطانیہ کی عظمت کو فنا کر دیا اور وہ اپنی عظمت برقرار نہ رکھ سکا اس طرح امریکہ دنیا کی سپر پاور بن کر ابھرا۔ اس سے پہلے فکری اور نظری اعتبار سے اشتراکیت ایک مدمقابل نظریے کے طور پر سامنے آ چکی تھی۔ 1923ء میں سوویت یونین کے قیام نے سرمایہ دارانہ نظام کے حامل ممالک کے مقابل دشمن پیدا کر دیا تھا۔ امریکہ مغربی سرمایہ دارانہ نظام کے چودھری کے طور پر اشتراکیت کو پچھاڑنے میں مصروف ہو گیا کیونکہ جنگ ایک معاشی حکمت عملی کے طور پر امریکی منصوبہ سازوں کیلئے کلیدی اہمیت رکھتی ہے اس لئے اشتراکیت کے خلاف محاذ قائم کیا گیا بلکہ مختلف اتحاد قائم کئے گئے۔ ناٹو، سیٹو، نیٹو جیسے عالمی معاہدے و اتحاد اشتراکی اثر و نفوذ روکنے اور اسے محدود رکھنے یا شکست دینے کیلئے ترتیب دیئے گئے تھے یہ دور 1991ء میں اشتراکی ریاست کے خاتمے تک قائم رہا۔ اس دوران چھوٹی بڑی جنگیں بھی جاری رہیں انسانی اور قدرتی وسائل بے دریغ ان جنگوں کی نذر کئے جاتے رہے لیکن ساتھ ساتھ سائنسی، فنی اور علمی ترقی وارتقاء کا عمل بھی جاری رہا۔ امریکہ قائد کے طور پر موجود رہا۔

اشتراکیت کے خاتمے کے بعد امریکہ نے تہذیبی و تمدنی طور پر اسلام و مسلمان کو ایک دشمن کے طور پر اپنایا تاکہ اسکی جنگ باز حکمت عملی پر کام جاری رہ سکے۔ اشتراکیت کے خاتمے کے بعد اسے کسی موثر اپوزیشن کا بھی سامنا نہیں تھا اسلئے اس نے خلیجی جنگوں کے ذریعے مسلمانوں کی بربادی کا آغاز کیا۔ طاقت کے غرور اور تکبر کیساتھ، پنی جنگی مشین کے استعمال کے ذریعے مشرق وسطیٰ کے نئے جغرافیے پر کام شروع کیا حتیٰ کہ 2001ء میں نائن الیون ہو گیا۔ امریکی ہیبت پر حملہ ہو گیا۔ امریکہ نے دہشت گردی کیخلاف عالمی جنگ شروع کر دی۔ پہلے افغانستان اور پھر عراق پر حملہ کر کے امریکہ نے اپنی عسکری ہیبت بحال کرنے کی کوشش کی۔ 20 سال تک وہ افغانستان میں الجھا رہا، لیکن اسے ذلیل و خوار ہو کر وہاں سے نکلنا پڑا۔ ویت نام میں شکست کے بعد امریکہ سنبھل گیا تھا لیکن یہاں اسے جب شکست ہو رہی تھی تو اس دوران چین چپکے چپکے اپنی معاشی قوت بڑھا رہا تھا چین نے بیلٹ اینڈ روڈ منصوبے کا اعلان کیا گویا عالمی معاشی طاقت بننے کا اعلان تھا۔ امریکہ چینی حکمت عملی کے سامنے ٹھہر نہیں سکا۔ چین نے غیر اعلانیہ امریکی چودھراہٹ کو چیلنج کیا۔ پاک بھارت جنگ کے دوران چینی جنگی ٹیکنالوجی نے جو معجزہ کر دکھایا ہے۔ دنیا ابھی تک اسکے سحر سے باہر نہیں نکل پائی ہے۔ 28 فروری 2026ء میں ایران کے ساتھ امریکی جنگ نے امریکی کمزوریوں کو عیاں کر دیا ہے۔ ایران نے ڈرونز اور راکٹوں کے ساتھ جس طرح اسرائیل کا ناطقہ بند کیا اور خلیج میں امریکی اہداف کو نشانہ بنایا وہ حیران کن ہے۔ ہرمز کی ناکہ بندی اور اس پر امریکی بے بسی دنیا کے سامنے ہے۔ امریکہ ایک عظیم طاقت ہے لیکن اس کی عظمت کا سورج غروب ہوتا نظر آ رہا ہے۔ دنیا کی سب سے بڑی معیشت ہونے کے باوجود وہ چینی معیشت کے مدمقابل کمزور نظر آ رہی ہے۔ ایران نے امریکی عسکریت کا بھانڈا ابھی بیچ چوراہے پھوڑ دیا ہے۔ نئی دنیا ترتیب پا رہی ہے۔ علاقائی اتحاد تشکیل پا رہے ہیں۔ توازن طاقت تبدیل ہو رہا ہے جو امریکہ کے حق میں جاتا نظر نہیں آ رہا۔ امریکہ سپر طاقت کے منصب جلیلہ سے ہٹتا نظر آ رہا ہے۔

عزت نفس کا بلبلا

تحریر۔ نسیم شاہد

بڑا واویلا مچا ہوا ہے کہ پیرا فورس اور پولیس والے لوگوں کی عزت نفس کا خیال نہیں کرتے۔ اکثر سوچتا ہوں یہ عزت نفس ہوتی کیا ہے۔ کہاں پائی جاتی ہے۔ جہاں عزت کا تعین نہ ہو سکے وہاں عزتِ نفس کو کون سمجھے، کیسے سمجھائے۔ یہ مہذب ملکوں کے چونچلے ہیں کہ وہ ریسپکٹ کے ساتھ سیلف بھی لگا دیتے ہیں۔ یہاں کا تو عالم ہی عجیب ہے جب تک اگلا بندہ آپ کی پگڑی پکڑ کر ہاتھ میں نہ دے دے اس وقت تک اسکی تسکین نہیں ہوتی۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ امیروں کو غریبوں کی عزت نفس کا خیال رکھنا چاہیے مگر جو درگت غریبوں کے ہاتھوں امیروں کی عزت نفس کے حصے میں آتی ہے، اسپر بھی غور ہونا چاہیے۔ ابھی کل ہی کی بات ہے میں شہر سے گھر کی طرف آ رہا تھا میں نے دیکھا رش لگا ہوا ہے۔ معلوم ہوا ایک لوڈر رکشے والا کار والے کی ایسی تیسی کئے جا رہا ہے اور وہ بے چارہ عمر رسیدہ بھی تھا بڑے تحمل سے کہہ رہا ہے بیٹا غلطی ساری میری نہیں تمہاری بھی ہے، مگر لوڈر رکشے والے کی زبان نہیں رک رہی تھی۔ وہ کہے جا رہا تھا تم بڑے کاروں والے بندے کو بندہ نہیں سمجھتے، حرام کی کمائی سے بنگلے کوٹھیاں بنا لیتے ہو، ہماری طرح حلال کمانا پڑے تو تب تمہیں پتہ چلے، اردگرد کھڑے ہوئے لوگ جن میں غریب غرباء کی تعداد زیادہ تھی، اپنی طبقاتی سوچ کی وجہ سے لوڈر رکشے والے کا ساتھ دے رہے تھے۔ میں نے کچھ دیر یہ منظر دیکھا، مجھ سے رہا نہ گیا۔ میں نے لوڈر رکشے والے کو سمجھایا ان کی عمر کا لحاظ ہی کر لے، یہ سنتے ہی وہ مجھ پر چڑھ دوڑا، لگتا ہے تم بھی بڑی گاڑی والے ہو، انہی کا ساتھ دو گے۔ دو چار اور بھی سنا دیں تو میں نے سوچا اپنے ایک ٹریفک پولیس کے افسر دوست کو فون کرتا ہوں جونہی میں نے فون نکال کر کال ملانے کی کوشش کی، وہ لوڈر رکشے والا یکدم لہجہ بدل کے کہنے لگا فون کرنے کی ضرورت نہیں، بس آپ نے کہہ دیا میں انہیں جانے دیتا ہوں۔ میں نے کہا نہیں ٹریفک والوں کو بلا لیتے ہیں، وہ فیصلہ کریں گے قصور کس کا ہے، وہ تقریباً لجاجت پر اتر آیا۔ میں نے اُن صاحب کی طرف اشارہ کیا جن سے وہ الجھ رہا تھا کہ ان سے معذرت کرے، وہ فوراً آمادہ ہو گیا۔ حالانکہ وہ منع کرتے رہے۔ تو صاحبو! وطن عزیز میں عزت نفس کا معیار سب کا اپنا اپنا ہے، البتہ اس بات پر سب کا اتفاق ہے کہ میری عزت نفس محفوظ رہنی چاہیے، میرے ہاتھوں دوسرے کی عزت نفس اگر پامال ہوتی ہے تو کوئی حرج نہیں۔ سیانے کہتے تھے اپنی عزت اپنے ہاتھ ہوتی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے عزت کرانا بھی آپ کے رویے پر منحصر ہے۔ یہ نہیں ہو سکتا آپ کے لہجے میں رعونت ہو، تکبر کی طمع کاری موجود ہو، بندے کو بندہ نہ سمجھتے ہوں اور یہ توقع بھی رکھیں کوئی آپ کی عزت نفس پر میلی نظر بھی نہ ڈالے۔ آپ لازماً کسی ریڑھی، رکشے یا مزدور کے ہاتھوں اپنی عزت نفس گنوا بیٹھیں گے کیونکہ ان کی عزت نفس کا بھی کوئی نہ کوئی پیمانہ ہوتا ہے۔

عزت نفس کا سوال ہی طبقاتی اونچ نیچ والے معاشرے میں پیدا ہوتا ہے جس معاشرے میں پیشے بھی عزت ذلت کا پیمانہ بن جائیں، وہاں ایک حامی طبقہ سمجھ لیتا ہے میں برہمن اور باقی سب شودر ہیں۔ وہ اپنی عزت کو عزت سمجھتا ہے باقی سارے اس کے نزدیک بے عزتے ہوتے ہیں۔ پھر جب کسی دن ایسے ہی کسی "بے عزتے" کے ہاتھوں بیچ بازار میں عزت نفس گنواتے ہیں تو شور مچا دیتے ہیں کہ دیکھو معاشرہ کتنا بگڑ گیا ہے۔ اصل میں کسی بھی قسم کی طاقت یا اختیار کا گھمنڈ انسان کو ان جذبوں اور احساسات سے محروم کر دیتا ہے جو انسانی توقیر کا اصل منبع ہوتے ہیں۔ مجھے ایک بار ٹریفک سٹاف کو لیکچر دینے کے لئے بلایا گیا۔ مجھ سے پہلے ایک مقرر نے کہا ٹریفک وارڈن بڑے مشکل حالات میں ڈیوٹی دیتے ہیں انہیں ان پڑھ جاہل لوگوں سے بھی واسطہ پڑتا ہے اور ان کی الٹی سیدھی باتیں سنتے ہیں، کچھ کے ساتھ دست و گریبان کی نوبت بھی آ جاتی ہے۔ میری باری آئی تو میں نے کہا میرے لئے سب سے زیادہ حیران کن بات یہی ہوتی ہے کہ ایک ٹریفک کانسٹیبل کسی شہری سے لڑ جھگڑ رہا ہے۔ ایسے مناظر کبھی اس عام آدمی کا نقصان نہیں کرتے بلکہ نقصان وردی اور عہدے کا ہوتا ہے۔ عمل اور ردعمل کی سائنس یہی ہے کہ آپ کے پاس اگر اختیار ہے تو لہجے میں نرمی رکھیں کیونکہ اونچا لہجہ آپ کے منصب کی توقیر گھٹا سکتا ہے۔ اس کا دوسرا فائدہ یہ ہوگا کہ سامنے والے کی عزت نفس بھی محفوظ رہے گی۔ جو آپ کے تحکمانہ لہجے سے مجروح ہوتی ہے۔ اسی طرح وہ اس سطح تک نہیں جائے گا جو دست و گریبان ہونے تک لے جاتی ہے۔ میں نے انہیں کہا کہ بدقسمتی سے عوام میں یہ تاثر پھیل چکا ہے کہ موجودہ نظام میں ان کی کوئی عزت و توقیر نہیں۔ ان کے نصیب میں صرف ذلیل و خوار ہونا ہی رہ گیا ہے اندر سے بھرے ہوئے ان لوگوں کو اگر پیار محبت سے قانون کے تقاضے سمجھائے جائیں تو انہیں اتنی تکلیف نہ ہو جتنی گالیاں کھا کے ہوتی ہے۔ یورپ نے اس مسئلے پر بہت پہلے قابو پا لیا تھا۔ وہاں عہدے، اختیار یا دولت کی وجہ سے کسی کی عزت بڑھتی ہے اور نہ ان کے نہ ہونے سے کم ہوتی ہے۔ دفتروں، چائے خانوں، عام گذرگاہوں میں سب کے حقوق برابر ہوتے ہیں۔ عہدوں کا تفاوت عزت نہیں بڑھاتا کیونکہ بات انسانیت کی سطح پر رہتی ہے۔ ہم نے معاشرے کو تہہ در تہہ چادر بنا دیا ہے کسی کی چادر موٹی ہے، کسی کی پتلی، کوئی مخمل پہنتا ہے اور کوئی بوریا۔ اسی کے حساب سے عزت بھی کی جاتی ہے اور عزت نفس کا خیال بھی رکھا جاتا ہے جب ایک اقلیتی طبقہ یہ سمجھ لے کہ ملک کے کروڑوں لوگ اس کے معیار کی سطح سے نیچے ہیں تو وہ خود عزت نفس کو اپنے لئے پانی کا بلبلا بنا دیتا ہے کیونکہ اے ذرا سی کسی عام آدمی کی پھونک بھی ختم کر دیتی ہے اور وہ چیخنے لگتا ہے کہ دیکھو میری عزت نفس پامال کر دی جبکہ وہ خود روزانہ اپنے ماتحتوں، اپنے ورکروں، عام لوگوں کی عزت نفس کا جو تیا پانچہ کرتا ہے، وہ اسے یاد نہیں رہتا۔ عزت کرانا دوطرفہ عمل ہے۔ اپنی عزت نفس کی فکر ہو تو پہلے انسان کو دوسرے کی عزت نفس کا خیال رکھنا پڑتا ہے۔ یہ بنیادی فارمولا ہے مگر ہمارے ہاں سب یکطرفہ ٹریفک چلا رہے ہیں۔

مہنگائی صرف جیب نہیں، خواب بھی بکھیر دیتی ہے

تحریر۔ نوید سحر

مہنگائی جب کسی گھر کا دروازہ کھٹکھٹاتی ہے تو سب سے پہلے مسکراہٹیں رخصت ہوتی ہیں، پھر خوشیاں سامان باندھ لیتی ہیں، اور آخر میں ضروریات بھی مہمان بن کر رہ جاتی ہیں۔ یاد رکھیے بازاروں میں قیمتیں بڑھنے سے پہلے گھروں میں امیدیں مہنگی ہو جاتی ہیں۔ انسان روٹی تو خرید لیتا ہے، مگر سکون خریدنے کے لیے دنیا کی کوئی منڈی آج تک قائم نہیں ہوئی۔ ہر دور کی اپنی جنگ ہوتی ہے۔ کبھی تلواریں قوموں کی قسمت کا فیصلہ کرتی تھیں، پھر توپوں اور میزائلوں کا زمانہ آیا، مگر آج کی سب سے خطرناک جنگ بازاروں میں لڑی جا رہی ہے۔ اس جنگ میں نہ بارود کی بو آتی ہے، نہ گولی چلتی ہے، نہ خون بہتا ہے، لیکن اس کے زخم نسلوں تک محسوس کیے جاتے ہیں۔ یہ مہنگائی کی جنگ ہے؛ ایک ایسی خاموش جنگ جو صرف جیب کو خالی نہیں کرتی بلکہ خوابوں، امیدوں اور مستقبل پر بھی قبضہ جما لیتی ہے۔ تاریخ گواہ ہے کہ ریاستیں ہمیشہ سرحدوں پر شکست نہیں کھاتیں، بعض اوقات ان کی شکست بازاروں سے شروع ہوتی ہے۔ جب دکانیں سامان سے بھری ہوں لیکن خریدار کی جیب خالی ہو، جب بازار روشنیوں سے جگمگا رہے ہوں مگر گھروں کے چولہے ٹھنڈے پڑنے لگیں، اور جب محنت کرنے والا شخص اپنی اولاد کی بنیادی ضروریات پوری کرنے سے بھی عاجز آ جائے تو یہ صرف معاشی بحران نہیں رہتا، بلکہ ریاست اور عوام کے درمیان اعتماد کی دیوار میں پہلی دراڑ بن جاتا ہے۔ کبھی والدین اپنے بچوں سے کہتے تھے، "بتاؤ کیا چاہیے، ہم کوشش کریں گے۔" آج لاکھوں گھروں میں یہی جملہ بدل کر رہ گیا ہے، "بیٹا! ابھی نہیں. اگلے مہینے۔" مگر المیہ یہ ہے کہ وہ اگلا مہینہ بھی آ جاتا ہے، تنخواہ بھی آ جاتی ہے، لیکن خواہشیں پھر بھی ادھوری رہتی ہیں۔ یوں مہنگائی صرف اشیائے ضروریہ کی قیمت نہیں بڑھاتی، بلکہ انسان کے خوابوں کی قیمت بھی وصول کرنے لگتی ہے۔ معاشیات کی زبان میں اسے "افراطِ زر" کہا جاتا ہے، لیکن عام آدمی کے لیے اس کی تعریف کسی معاشی کتاب میں نہیں بلکہ روزمرہ زندگی کے ہر لمحے میں لکھی جاتی ہے۔ یہ وہ لمحہ ہے جب سبزی فروش کے سامنے کھڑا شخص آلو اور ٹماٹر خریدنے سے پہلے جیب ٹٹولتا ہے، بجلی کا بل دیکھ کر دل کی دھڑکن تیز ہو جاتی ہے، دوا اور دودھ میں سے کسی ایک کا انتخاب مجبوری بن جاتا ہے، اور بچوں کی اسکول فیس جمع کرانے کے بعد پورا مہینہ حساب کی زنجیر میں جکڑ جاتا ہے۔ پاکستان میں مہنگائی کا سب سے بڑا شکار صرف غریب طبقہ نہیں بلکہ وہ متوسط طبقہ ہے جو ہر کامیاب معیشت کی ریڑھ کی ہڈی سمجھا جاتا ہے۔ یہی طبقہ سب سے زیادہ ٹیکس دیتا ہے، کاروبار چلاتا ہے، صنعت کا پہیہ گھماتا ہے اور ملکی معیشت کو خاموشی سے سہارا دیتا ہے، مگر ہر معاشی بحران کی پہلی ضرب بھی اسی پر پڑتی ہے۔ چند روز قبل ایک پرانے دوست سے ملاقات ہوئی۔ چند برس پہلے تک وہ ایک باوقار اور مطمئن زندگی گزار رہا تھا۔ میں نے حسبِ معمول خیریت پوچھی تو اس نے ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ کہا، "پہلے مہینے کے آخر میں حساب لگاتا تھا کہ کتنی بچت ہوئی، اب ہر صبح یہ سوچتا ہوں کہ آج کون سی ضرورت مؤخر کرنی ہے۔" یہ صرف ایک شخص کی کہانی نہیں، بلکہ لاکھوں پاکستانی خاندانوں کی مشترکہ داستان ہے۔ آمدنی آہستہ آہستہ بڑھتی ہے، مگر اخراجات دوڑتے ہوئے آگے نکل جاتے ہیں۔ نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ سفید پوش طبقہ خاموشی سے اپنی خواہشوں، اپنی خوشیوں اور آہستہ آہستہ اپنی امیدوں کی قربانی دیتا رہتا ہے۔ اعداد و شمار بھی اسی تلخ حقیقت کی تصدیق کرتے ہیں۔ گزشتہ چند برسوں میں پاکستان میں خوراک، بجلی، گیس، تعلیم اور علاج کے اخراجات میں نمایاں اضافہ ہوا، جبکہ بہت سے شعبوں میں تنخواہوں میں اضافہ اس رفتار کا ساتھ نہ دے سکا۔ معاشی ماہرین کے مطابق جب افراطِ زر آمدنی میں اضافے سے زیادہ تیز ہو جائے تو قوتِ خرید مسلسل کم ہوتی ہے، اور یہی وہ مرحلہ ہوتا ہے جہاں متوسط طبقہ غربت کی لکیر کی طرف دھکیلنا شروع ہو جاتا ہے۔ دنیا کی مضبوط معیشتیں ہمیشہ مضبوط متوسط طبقے کے کندھوں پر کھڑی ہوتی ہیں۔ یہی طبقہ سرمایہ کاری کرتا ہے، چھوٹے کاروبار قائم کرتا ہے، نئی صنعتوں کو جنم دیتا ہے اور مارکیٹ میں طلب پیدا کرتا ہے۔ لیکن جب اسی کی قوتِ خرید کمزور ہونے لگے تو بازاروں کی رونق مدھم پڑ جاتی ہے، صنعتوں کی پیداوار کم ہو جاتی ہے، سرمایہ کاری رک جاتی ہے اور معاشی ترقی کی رفتار بھی سست پڑنے لگتی ہے۔ پاکستان کے لیے سب سے بڑا المیہ یہ ہے کہ یہاں آمدنی بڑھنے کی رفتار اور اخراجات بڑھنے کی رفتار میں زمین آسمان کا فرق پیدا ہو چکا ہے۔ اگر کسی ملازم کی تنخواہ پانچ یا سات فیصد بڑھتی ہے، لیکن بجلی، گیس، کرایہ، علاج، تعلیم اور روزمرہ اشیائے ضروریہ پندرہ سے بیس فیصد تک مہنگی ہو جائیں تو حقیقت میں اس کی آمدنی کم ہو چکی ہوتی ہے، چاہے تنخواہ کے ہندسے کتنے ہی خوبصورت کیوں نہ دکھائی دیں۔ سب سے زیادہ تکلیف دہ حقیقت بجلی کے بل ہیں۔ آج ہزاروں ایسے خاندان بھی موجود ہیں جو ایئر کنڈیشنر تو دور کی بات، صرف پنکھے اور چند بلب استعمال کرتے ہیں، لیکن اس کا بل بھی ان کی استطاعت سے باہر ہو جاتا ہے۔ بعض اوقات میٹر ریڈنگ کے نظام میں بے ضابطگیاں اور لیٹ ریڈنگ کرنا بھی صارفین کو زیادہ یونٹس کے سلیب میں دھکیل دیتا ہے، جس کے نتیجے میں مل کئی ہزار روپے بڑھ جاتا ہے۔ یوں عوام صرف بجلی استعمال کرنے کی قیمت نہیں دیتے بلکہ نظام کی خامیوں کا بوجھ بھی برداشت کرتے ہیں۔ رہائش بھی اب ایک خواب بنتی جا رہی ہے۔ ایک زمانہ تھا جب متوسط طبقہ اپنی بچت اور قسطوں کے ذریعے ایک چھوٹا سا گھر بنانے کا خواب دیکھ سکتا تھا۔ آج کئی لوگ برسوں تک قسطیں ادا کرتے رہتے ہیں، مگر ہاؤسنگ منصوبوں میں تاخیر، قانونی پیچیدگیاں یا انتظامی کمزوریاں ان کے خواب کو حقیقت بننے نہیں دیتیں۔ وہ کرایہ بھی دیتے ہیں اور قسط بھی، مگر اپنے ہی گھر کی دہلیز تک نہیں پہنچ پاتے۔ اگر آج ہم نے متوسط طبقے کو سنبھالنے، معیشت کو درست سمت دینے اور انصاف پر مبنی معاشی اصلاحات نافذ کرنے میں تاخیر کی تو آنے والی نسلیں شاید ہمیں اس بات پر معاف نہ کریں کہ ہم نے وقت پر خطرے کی دستک سن کر بھی دروازہ نہ کھولا۔ کیونکہ حقیقت یہی ہے کہ ریاستیں خزانے سے نہیں، اعتماد سے چلتی ہیں؛ اور جب عوام کا اعتماد مہنگائی کی چکی میں پسنے لگے تو معیشت کے اعداد و شمار بھی قوم کے زخم نہیں بھر سکتے۔

بقیہ 1

اوڈک کے شہداء کے لواحقین بھی پانچویں روز ایئرپورٹ روڈ پر دھرنا جاری رکھے ہوئے ہیں۔ دونوں مقامات پر جاری احتجاج کے باعث شہر کا ٹریفک نظام بری طرح متاثر ہو گیا ہے، جبکہ سکیورٹی خدشات کے پیش نظر پورے شہر میں حفاظتی انتظامات مزید سخت کر دیے گئے ہیں۔ ذرائع کے مطابق گزشتہ رات سول ہسپتال کوئٹہ منتقل کی گئی 21 شہدا کی میتیں ورثا کے حوالے کر دی گئیں، جن میں سے آٹھ شہدا کی میتیں ان کے آبائی علاقوں کو روانہ کر دی گئیں، جبکہ 14 شہدا کی میتیں کوئٹہ پھاٹک کے قریب سڑک پر رکھ کر لواحقین نے احتجاجی دھرنا شروع کر دیا۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ واقعے میں ملوث عناصر کو فوری گرفتار کر کے کیفر کردار تک پہنچایا جائے، لاپتہ اہلکاروں کی بازیابی یقینی بنائی جائے اور متاثرہ خاندانوں کو انصاف فراہم کیا جائے۔ دوسری جانب سانحہ ہنہ اوڈک کے شہداء کے لواحقین ایئرپورٹ روڈ پر پانچویں روز بھی دھرنے پر بیٹھے ہوئے ہیں۔ احتجاج کے باعث شہدا کی تدفین نا حال نہیں ہو سکی۔ مظاہرین کا کہنا ہے کہ جب تک ان کے مطالبات تسلیم نہیں کیے جاتے اور ذمہ داروں کے خلاف مؤثر کارروائی نہیں ہوتی، اس وقت تک احتجاج جاری رہے گا۔ دونوں احتجاجی مقامات شہر میں تقریباً نصف کلومیٹر کے فاصلے پر واقع ہیں، جس کے باعث ٹریفک کا نظام شدید متاثر ہو گیا ہے۔ کوئٹہ پھاٹک، ایئرپورٹ روڈ، سمنگلی روڈ اور ملحقہ شاہراہوں پر گاڑیوں کی طویل قطاریں لگ گئیں، جبکہ دوسرے دھرنے کے آغاز کے بعد سمنگلی روڈ سے شہر کی جانب آنے والی ٹریفک بھی مکمل طور پر بند ہو گئی۔ شہریوں، مریضوں، طلبہ اور مسافروں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے

بقیہ 2

نجیب اللہ کاکڑ، اسسٹنٹ کمشنر درگ اظہر الدین متعلقہ لائن ڈیپارٹمنٹس کے سربراہان نے شرکت کیا جلاس کے دوران شرکاء نے مون سون کے دوران ممکنہ سیلابی صورتحال، برساتی نالوں کی صفائی، اور ہنگامی حالات میں ریسکیو آپریشنز کے لیے دستیاب وسائل پر تفصیلی ت

بقیہ 1

پر بڑے حملوں کا اعلان کر دیا جس کے بعد ایران نے کویت اور بحرین میں امریکی فوجی اڈوں پر میزائل اور ڈرون حملے کئے ۔ جمعرات کو میڈیا رپورٹ کے مطابق امریکہ کی جانب سے کئے گئے حملوں کے بعد کہا گیا کہ ایران میں دھماکے آبنائے ہرمز کے قریب بندر عباس، سرک، کونارک اور چاہ بہار میں سنے گئے ہیں۔ کیے گئے تازہ حملوں کے بارے میں امریکی فوج نے کہا کہ ان کا مقصد آبنائے ہرمز سے جہازوں کے آزادانہ گزرنے میں ایران کی جانب سے موجود خطرات کم کرنا ہے۔ اس سے پہلے منگل اور بدھ کی درمیانی شب امریکا نے ایران کے جنوبی علاقوں پر حملے کیے تھے جن میں ایران نے مسلح افواج کے 8 ارکان شہید ہونے کی تصدیق کی ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایران کی فضائی اور بحری افواج کے یہ جوان بندر عباس اور بوشہر میں شہید ہوئے ہیں۔ ایرانی وزارتِ صحت کے ترجمان حسین کرمانپور کے مطابق ایران پر 8 اور 9 جولائی کو ہونے والے امریکی حملوں میں 14 افراد شہید اور 78 زخمی ہوئے۔ ترجمان ایرانی وزارتِ صحت نے جاری بیان میں کہا کہ جنگ بندی کے باوجود امریکا نے 2 روز کے دوران 5 صوبوں کو حملوں کا نشانہ بنایا۔ بیان کے مطابق زخمی ہونے والے 78 افراد میں سے 47 اب بھی مختلف ہسپتالوں میں زیرِ علاج ہیں۔ ایرانی وزارتِ خارجہ کے مطابق دیگر زخمیوں کو طبی امداد فراہم کرنے کے بعد ہسپتالوں سے فارغ کر دیا گیا ہے۔ بعد ازاں ایرانی پاسداران انقلاب کی بحری فوج نے کہا کہ جمعرات کی صبح صوبہ خوزستان پر امریکی فضائی حملوں میں پاسداران کے 3 اہلکار شہید ہوئے۔ عرب میڈیا کے مطابق اپنے بیان میں ایرانی پاسداران انقلاب کی بحری فوج نے کہا کہ ہرمز میں امریکی مہم جوئی یا جہاز رانی میں مداخلت کا فیصلہ کن جواب دیا جائے گا۔ بحری فوج ایرانی پاسداران انقلاب نے کہا کہ غیر ملکیوں کو آبنائے ہرمز میں کوئی دلچسپی نہیں، امریکا کی فوجی مہم جوئی آبنائے ہرمز کے دوبارہ کھلنے میں رکاوٹ کی وجہ بنے گی۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایران کے شہروں سریک، چاہ بہار، بندر عباس، کونارک اور جزیرہ ابوموسی میں دھماکوں کی آوازیں سنی گئیں۔ چاہ بہار کے کچھ حصوں میں بجلی کی فراہمی معطل ہوگئی۔ رپورٹ کے مطابق ایرانشر ایئرپورٹ پر حملے میں ایک شخص جاں بحق ہوگیا، میری ٹائم ٹریفک کنٹرول ٹاور اور ایک ڈپو پر حملے کی بھی اطلاعات ملی ہیں۔ ایرانی میڈیا کے مطابق چاہ بہار پر امریکی حملے میں پروجیکٹائل کا کلٹرا امام علی ہسپتال پر گرا ہے۔ صوبہ بوشہر میں بھی دھماکے سنے گئے، ایٹمی بجلی گھر کو کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ دریں اثنا ایران کے جنوبی صوبے بوشہر میں متعدد دھماکوں کی آوازیں سنی گئی ہیں۔ نیم سرکاری ایرانی خبر رساں ادارے کے مطابق بوشہر میں کئی زور دار دھماکوں کی اطلاعات موصول ہوئی ہیں۔ بوشہر وہ صوبہ ہے جہاں ایران کی واحد فعال جوہری تنصیب بوشہر نیوکلیئر پاور پلانٹ واقع ہے۔ رپورٹ کے مطابق ایران اور اسرائیل کے درمیان حالیہ جنگ کے دوران بوشہر کی جوہری تنصیب پر اسرائیل اور امریکا کی جانب سے متعدد حملے کیے گئے تھے، جس کے بعد ممکنہ جوہری حادثے کے خدشات میں اضافہ ہوگیا تھا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ایران کے صوبے گلستان میں چین ایران ریلوے کوریڈور کا ایک اہم ریلوے پل امریکی حملے میں نشانہ بن گیا۔ رپورٹ کے مطابق گزشتہ رات عق تاقہ خان ریلوے پل پر امریکی حملہ کیا گیا۔ ایرانی خبر ایجنسی کے مطابق یہ ریلوے راستہ ترکمانستان اور قازقستان کے ذریعے چین کو ایران سے ملاتا ہے جبکہ رواں 2025 کے آخر سے اس روٹ کو ایران کے لیے کارگو ترسیل کے لیے استعمال کر رہا تھا۔ امریکی حملے کے باعث ریلوے لائن کے کچھ حصے متاثر ہونے کے بعد تہران سے مشہد جانے والی ٹرین سروس معطل کر دی گئی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق تازہ امریکی حملوں کے جواب میں ایران نے کویت اور بحرین میں امریکی فوجی اڈوں پر میزائل اور ڈرون حملے کر دیے۔ ایرانی سرکاری ٹی وی کے مطابق کیمپ عرعیجان، علی السالم (کویت) اور جفیر، شیخ عیسیٰ (بحرین) کے اڈوں کو نشانہ بنایا گیا۔ ایران کی پاسدارانِ انقلاب نے جاری بیان میں خبردار کیا کہ اگر امریکی حملے دوبارہ ہوئے تو خطے میں دیگر امریکی اڈوں پر بھی کارروائیاں کی جائیں گی۔ ایرانی پاسداران انقلاب کے مطابق امریکی حملوں میں مشہد جانے والے 2 پل بھی نشانہ بنائے گئے، جنہیں ایران نے شہید آیت اللہ علی خامنہ ای کے جلوسِ جنازہ کو متاثر کرنے کی کوشش قرار دیا۔ دوسری جانب ایران نے جنوبی صوبوں پر امریکی حملوں اور مشرق میں 2 ریلوے پلوں کو نشانہ بنانے کی مذمت کرتے ہوئے ان کو جنگی جرم قرار دے دیا۔ ایرانی وزارتِ خارجہ نے بیان میں کہا کہ امریکی حملے اقوامِ متحدہ کے منشور اور مفاہمت کی یادداشت کے آرٹیکل 1 اور 5 کی کھلی خلاف ورزی ہیں، یہ حملے مفاہمتی یادداشت پر عمل درآمد میں مسلسل ناکامی کو درست ثابت کرنے کے لیے ایک بہانہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایران امریکا کو معاہدے کی خلاف ورزی، غنڈہ گردی، ایرانی قومی مفادات پر اثر انداز ہونے کی اجازت نہیں دے گا، ہم اپنی قومی خود مختاری، دفاع اور جارحیت کرنے والوں کو سزا دینے کے لیے پرعزم ہیں۔ دوسری جانب ایرانی وزارتِ خارجہ کے ترجمان اسماعیل بقائی نے نیٹو کے سیکریٹری جنرل مارک روٹے کے بیانات کو یورپی ممالک کی امریکا اور اسرائیل کی ایران کے خلاف جنگ میں دانستہ شمولیت کا اعتراف قرار دیا ہے۔ دوسری جانب ایرانی فورسز نے جلد خطے میں امریکی فوجی اڈوں پر بڑے حملوں کا اعلان کر دیا۔ دوسری جانب کویت اور بحرین میں سائرن کی آوازیں سنائی دی گئیں۔ کویت کے مطابق راکٹ اور ڈرون حملوں کے خلاف نظام متحرک ہے۔ قطر میں موبائل فونز پر سیکیورٹی خطرے کی وارننگ کے بعد خطرہ ٹل جانے کے پیغامات جاری ہوئے ادھر اردن میں خطروں کے سائرن بجا دیے گئے، ایران سے آنے والے 8 میزائلوں کو مار گرایا گیا، کوئی نقصان رپورٹ نہیں ہوا۔ اردن حکومت کے ترجمان ڈاکٹر محمد حسین المومنی نے کہا کہ ایران سے داغے گئے میزائلوں کے اردن کی فضائی حدود میں داخل ہونے کی اطلاعات کے بعد ملک بھر میں فضائی حملے کے خطرے کے سائرن بجا دیے گئے۔ ان کے مطابق میزائلوں کو بروقت روک کر ناکارہ بنا دیا گیا۔ ایرانی خبر ایجنسی کے مطابق اردن کے شہروں الزرقا، اربد اور جرش میں سائرن کی آوازیں سنی گئیں۔ ایرانی فوج نے کہا کہ اگر اردن کی مسلح افواج مکمل الرٹ ہیں اور مملکت کو درپیش کسی بھی خطرے سے نمٹنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہیں تاکہ ملکی سلامتی اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے۔ ڈاکٹر المومنی نے کہا کہ متعلقہ ادارے شہریوں اور رہائشیوں کو ضروری ہدایات اور معلومات فراہم کریں گے، جبکہ عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ صرف سرکاری معلومات پر اعتماد اور متعلقہ ہدایات پر عمل کریں۔ عوام سے جھوٹی خبروں کے پھیلاسے گریز کی اپیل بھی کی گئی ہے۔

بقیہ 2

اقدامات پروفیسر احسن اقبال نے کہا ہے کہ سان فرانسسکو میں پی ٹی آئی کا سیاسی ڈرامہ بری طرح ناکام ہوا جس سے ایک بار پھر یہ ثابت ہوگیا ہے سوشل میڈیا کا شور ہمیشہ زمینی حقیقت اور عوامی حمایت کی عکاسی نہیں کرتا۔ جمعرات کو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر اپنی پوسٹ میں وفاقی وزیر پروفیسر احسن اقبال نے کہا کہ اللہ الحمد ایسان فرانسسکو میں ہمارے پروگرام کو سبوتاژ کرنے کا پی ٹی آئی کا خوب تشہیر کیا گیا شو اور منصوبہ بری طرح ناکام ہوگیا، پانچ مختلف ریاستوں سے کارکنوں کو جمع کرنے کی اپیل کے باوجود صرف مٹھی بھر افراد ہی پہنچ سکے، مطلوبہ تعداد ملی اور نہ عوامی پذیرائی، نتیجتاً احتجاج چند ہی لمحوں میں دم توڑ گیا جبکہ ہمارا پروگرام ایک باوقار، پرجوش اور بھرپور حاضرین کی موجودگی میں کامیابی سے منعقد ہوا۔ انہوں نے کہا کہ ایک بار پھر یہ ثابت ہوگیا ہے کہ سوشل میڈیا کا شور ہمیشہ زمینی حقیقت اور عوامی حمایت کی عکاسی نہیں کرتا۔ وفاقی وزیر پروفیسر احسن اقبال نے اپنے ایکس اکاؤنٹ پر ویڈیو بھی شیئر کی۔

بقیہ 3

کے واپس روانہ ہوگئے گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کو رخصت کیا وزیراعظم نے کوئٹہ میں قیام کے دوران اسپکس کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کی

بقیہ 4

سرکاری نیوز ایجنسی تسنیم کے مطابق ایرانی وزیرخارجہ نے فیلڈ مارشل سے گفتگو کے دوران امریکی حملوں کی مذمت کرتے ہوئے انہیں اقوام متحدہ کے چارٹر اور اسلام آباد میمورنڈم آف انڈرسٹینڈنگ کی خلاف ورزی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر امریکی حکام اس معاہدے کی پابندی نہیں کرتے تو یہ واشنگٹن کی جنگی پالیسیوں کا تسلسل ہوگا۔ ایرانی وزیرخارجہ نے خبردار کیا کہ اگر امریکا کی جانب سے مزید فوجی کارروائی کی گئی تو ایران اپنی خودمختاری، علاقائی سالمیت اور قومی سلامتی کے دفاع سے پیچھے نہیں ہٹے گا۔

بقیہ 5

این این کے مطابق خطے کے ذرائع نے انہیں کنفرم کیا ہے کہ پاکستان اور قطر ایک بار پھر امریکا اور ایران کو مذاکرات کی میز پر لانے کے لیے کام کر رہے ہیں۔ سوئٹزرلینڈ میں ہوئے مذاکرات کے پچھلے دور کے بنیادی ثالث پاکستان اور قطر ہی تھے جس کے نتیجے میں جون کے وسط میں ایک مفاہمتی یادداشت پر دستخط ہوئے، عمان نے بھی اس سے پہلے ہوئے مذاکراتی ادوار کی سہولت کاری میں کردار ادا کیا تھا۔ گزشتہ روز پاکستان کی وزارت خارجہ نے ایک بیان میں فریقین سے تحمل اور کسی ایسے اقدام سے گریز کی اپیل کی تھی جس سے خطے میں امن و سلامتی کو نقصان پہنچے۔ پاکستان کی وزارت خارجہ نے بیان میں کہا تھا کہ خطے میں امن کے لیے مذاکرات اور سفارتکاری کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہیں ہے۔ پاکستان تمام فریقوں پر زور دیتا ہے کہ وہ اسلام آباد مفاہمت کی یادداشت کے تحت اپنے وعدوں کی پاسداری کریں۔

بقیہ 6

ٹی وی کے مطابق سعودی وزارت خارجہ نے گزشتہ روز بیان میں مملکت کی جانب سے دہشت گردی اور انتہا پسندی کی تمام کارروائیوں کو مکمل طور پر مسترد اور پاکستان کے برادر عوام کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ بیان میں پاکستان کی علاقائی سالمیت برقرار رکھنے کے لیے اس کی سیکورٹی کوششوں کی حمایت کا اعادہ کیا گیا۔ وزارت نے شہدا کے اہل خانہ، پاکستان کی حکومت اور عوام سے تعزیت کی۔

بقیہ 7

اظہار کرتے ہوئے اس امر پر اتفاق کیا کہ ریاست دشمن عناصر، ان کے سہولت کاروں اور پاکستان کے خلاف سرگرم تمام دہشت گرد نیٹ ورکس کو ہر قیمت پر شکست دی جائے گی۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ بلوچستان میں امن و امان کا قیام حکومت کی اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے حصول کے لیے وفاقی حکومت، صوبائی حکومت، پاک فوج، قانون نافذ کرنے والے ادارے اور انٹیلی جنس ادارے مکمل ہم آہنگی اور یکسوئی کے ساتھ کام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اجلاس میں امن و امان کی مجموعی صورتحال، انسداد دہشت گردی کی حکمت عملی، انٹیلی جنس کوآرڈینیشن، سرحدی سلامتی اور دہشت گردوں کے خلاف جاری کارروائیوں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا اور متعدد اہم فیصلے کیے گئے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے واضح کیا ہے کہ بلوچستان سے دہشت گردی اور بدامنی کے مکمل خاتمے کے لیے ریاست اپنے تمام وسائل بروئے کار لائے گی۔ یہ عزم پوری قوم کی آواز ہے اور اس پر عملدرآمد کے لیے تمام ریاستی ادارے متحد اور پرعزم ہیں۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی قیادت میں پاک فوج نے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں غیر معمولی پیشہ ورانہ صلاحیت، جرات، قربانی اور قومی عزم کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلح افواج نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ساتھ مل کر دہشت گردوں کے مذموم عزائم کو ناکام بنانے، ملکی سرحدوں کے دفاع اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے بے مثال کردار ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج پوری قوم کا فخر ہیں اور ان کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں، قربانیوں اور کامیاب کارروائیوں کی بدولت دہشت گردی کے خلاف جنگ میں نمایاں کامیابیاں حاصل ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاک فوج، پولیس، لیویز، فرنٹیئر کور، قانون نافذ کرنے والے دیگر اداروں اور انٹیلی جنس اداروں کے افسران اور جوانوں نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کر کے وطن کے دفاع کی ایک درخشاں تاریخ رقم کی ہے۔ شہداء کی قربانیاں پوری قوم کا سرمایہ ہیں اور انہی قربانیوں کی بدولت پاکستان کا امن، استحکام اور قومی سلامتی محفوظ ہاتھوں میں ہے وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ دہشت گرد عناصر اور ان کے سہولت کار بلوچستان کے عوام کی ترقی، خوشحالی اور قومی یکجہتی کے دشمن ہیں۔ ایسے عناصر کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا اور ریاست پوری قوت اور قانون کے مطابق ان کے خلاف کارروائیاں جاری رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے باشعور عوام نے ہمیشہ دہشت گردی اور انتہا پسندی کو مسترد کیا ہے اور آئندہ بھی اپنی مسلح افواج اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے رہیں گے میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں، معدنی وسائل، گوادر کی ترقی، سرمایہ کاری، تعلیم، صحت اور روزگار کے مواقع کو نقصان پہنچانے کی ہر سازش ناکام بنائی جائے گی۔ امن ہی ترقی کی بنیاد ہے اور حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ کے ساتھ ساتھ صوبے میں ترقی اور خوشحالی کے سفر کو مزید تیز کرے گی وزیراعلیٰ نے کہا کہ اسپکس کمیٹی کے اجلاس میں قومی اور صوبائی سیاسی و عسکری قیادت نے اس عزم کا اعادہ کیا ہے کہ پاکستان کے خلاف دہشت گردی کی ہر سازش کو ناکام بنایا جائے گا، قومی سلامتی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا اور بلوچستان کو امن، استحکام، ترقی اور خوشحالی کا گہوارہ بنانے کے لیے تمام ادارے مکمل اتحاد، مربوط حکمت عملی اور قومی جذبے کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں ادا کرتے رہیں گے۔

بقیہ 8

اقتصادی ترقی کی پیشگوئی میں 0.1 فیصد پوائنٹس کمی کی ہے جبکہ 2027 کے لیے ترقی کی شرح کی پیشگوئی میں 0.2 فیصد پوائنٹس کا اضافہ کیا تاہم یہ شرح 2024 اور 2025 کے دوران ریکارڈ کی گئی اوسط 3.5 فیصد ترقی سے اب بھی کم ہے۔ رپورٹ میں پیشگوئی کی گئی کہ چین کی معیشت 2026 میں 4.6 فیصد اور 2027 میں 4.1 فیصد کی شرح سے ترقی کرے گی۔ یہ اندازے اپریل کی پیشگوئی کے مقابلے میں بالترتیب 0.2 اور 0.1 فیصد پوائنٹس زیادہ ہیں۔ رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ 2026 کی پہلی سہ ماہی میں چین کی معیشت نے توقعات سے بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کیا، جس کی بنیادی وجوہات میں عوامی بنیادی ڈھانچے میں پیشگی سرمایہ کاری، ہائی ٹیک صنعتوں میں ترقی اور برآمدات میں اضافہ شامل ہیں۔ تاہم رپورٹ میں یہ بھی کہا گیا ہے کہ عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں اضافہ، مسلسل غیر یقینی صورتحال اور ساختی عوامل چین کی معاشی سرگرمیوں پر بدستور کچھ منفی اثرات مرتب کر سکتے ہیں۔

بقیہ 9

بنانے میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے، پاکستان برطانیہ کے ساتھ اپنی دیرینہ اور مضبوط شراکت داری کو ہر شعبے میں مزید مستحکم بنانے میں پرعزم ہے۔ انہوں نے یہ بات جمعرات کو یہاں برطانیہ میں پاکستان کے نو تعینات ہائی کمشنر ٹیپو عثمان سے ملاقات میں کہی، ملاقات میں باہمی اقتصادی مفادات کے امور، پاکستان اور برطانیہ کے درمیان اقتصادی و مالی تعاون کے فروغ اور دوطرفہ شراکت داری کو مزید مستحکم بنانے کے امکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیرخزانہ نے ہائی کمشنر کو نئی سفارتی ذمہ داریاں سنبھالنے پر مبارکباد دیتے ہوئے اس یقین کا اظہار کیا کہ ان کا وسیع سفارتی تجربہ اور پیشہ ورانہ صلاحیتیں برطانیہ میں پاکستان کی اقتصادی سفارت کاری کو مزید موثر بنانے اور دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی روابط کو نئی جہت دینے میں اہم کردار ادا کریں گی۔ ملاقات کے دوران تجارت، سرمایہ کاری، بینکاری، ترسیلاتِ زر، کیپیٹل مارکیٹس اور مالیاتی خدمات کے شعبوں میں تعاون کو وسعت دینے کے امکانات کا جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر بین الاقوامی سرمایہ کاروں اور مالیاتی اداروں کے ساتھ پاکستان کے روابط کو مزید مضبوط بنانے پر بھی غور کیا گیا جبکہ لندن کی عالمی مالیاتی مرکز کی حیثیت سے اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے پاکستان کے مالیاتی وسائل اور کیپیٹل مارکیٹس کے اہداف کے حصول میں اس کے کردار پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیرخزانہ نے حکومت کی جانب سے مالی وسائل کے ذرائع کو متنوع بنانے، بین الاقوامی کیپیٹل مارکیٹوں تک پاکستان کی رسائی کو مزید مستحکم کرنے اور ملکی مالیاتی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کے لیے جاری اقدامات سے آگاہ کیا۔ فریقین نے ڈیجیٹل فنانس، بلاک چین پر مبنی مالیاتی حل، ورچوئل اثاثوں اور ٹوکنائزیشن جیسے جدید مالیاتی ذرائع پر بھی تبادلہ خیال کیا، جنہیں پاکستان کے وسیع تر ڈیجیٹل تبدیلی کے ایجنڈے کا اہم حصہ قرار دیا گیا۔ ملاقات میں قرضوں کے موثر انتظام اور کیپیٹل مارکیٹس کی ترقی کے شعبوں میں تعاون بڑھانے کے امکانات پر بھی غور کیا گیا جس میں برطانیہ کے ڈیبٹ مینجمنٹ آفس کے ساتھ جاری تعاون کو مزید فروغ دینے پر اتفاق کیا گیا۔ ہائی کمشنر نے وزیرخزانہ کو ادارہ جاتی سرمایہ کاروں سے روابط بڑھانے اور معروف مالیاتی اداروں کے اشتراک سے مستقبل میں سرمایہ کاری سے متعلق روڈ شوز کے انعقاد کے امکانات سے بھی آگاہ کیا۔ وزیرخزانہ نے کہا کہ برطانیہ میں مقیم پاکستانی کمیونٹی دونوں ممالک کے درمیان اقتصادی تعلقات خصوصاً ترسیلاتِ زر، روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹ، سرمایہ کاری اور تجارتی سرگرمیوں کے ذریعے مستحکم بنانے میں کلیدی کردار ادا کر رہی ہے انہوں نے برطانیہ میں قائم مالیاتی اداروں اور نجی شعبے کے ساتھ مسلسل تعاون کو دوطرفہ اقتصادی اور مالیاتی تعلقات کے فروغ کے لیے ناگزیر قرار دیا۔ وزیرخزانہ نے معاشی استحکام برقرار رکھنے، مالیاتی نظم و ضبط کو مزید مضبوط بنانے، کاروبار کے لیے سازگار ماحول پیدا کرنے اور نجی شعبے کی قیادت میں پائیدار اقتصادی ترقی کے فروغ کے لیے اپنی اصلاحات کی پالیسیوں پر بھرپور انداز میں عمل پیرا ہونے کے حکومتی عزم کا اعادہ کیا۔ فریقین نے اس بات پر اتفاق کیا کہ باہمی دلچسپی کے تمام شعبوں میں قریبی رابطہ برقرار رکھا جائے گا تاکہ پاکستان اور برطانیہ کے درمیان اقتصادی اور مالیاتی تعاون کو مزید وسعت دی جاسکے۔ ہائی کمشنر ٹیپو عثمان نے بھی اس عزم کا اظہار کیا کہ پاکستان، برطانیہ کے ساتھ اپنی دیرینہ اور مضبوط شراکت داری کو ہر شعبے میں مزید مستحکم بنانے کے لیے پرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات باہمی اعتماد، تاریخی روابط اور مشترکہ مفادات پر مبنی ہیں اور ان میں مستقبل میں مزید وسعت اور ترقی کے بے شمار امکانات موجود ہیں۔

بقیہ 10

بطور ممبر قومی اسمبلی ملنے والی تمام تنخواہیں اور مراعات سرکاری خزانے کو واپس کر دیں سردار اختر مینگل نے تنخواہوں کی واپسی کے لیے 78 لاکھ 92 ہزار 725 روپے کا چیک قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کو دے دیا۔ سردار اختر جان مینگل نے قومی اسمبلی سیکرٹریٹ کو لکھے گئے خط میں کہا ہے کہ 3 ستمبر 2024 سے لے کر 11 فروری 2026 تک کی مدت کی تنخواہیں واپس کر رہا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ مجموعی طور پر 78 لاکھ 92 ہزار 725 روپے کی رقم واپس کر رہا ہوں، ستمبر 2024 میں استعفیٰ دینے کے بعد سے میں نے بینک اکاؤنٹ سے کوئی تنخواہ یا الاؤنس نہیں نکالا، قومی اسمبلی سیکرٹریٹ میرے پارلیمانی بینک اکاؤنٹ میں موجود یہ تمام رقم سرکاری خزانے میں منتقل کرے۔ سردار اختر مینگل نے کہا کہ پبلک سروس میں دیانت داری اور احتساب کے اصولوں پر قائم رہنے کے لیے پرعزم ہوں۔ یاد رہے کہ سردار اختر مینگل نے 3 ستمبر 2024 کو بلوچستان کے مسائل پر پارلیمنٹ کے رویے کے خلاف بطور احتجاج حلقہ NA-256 خضدار سے استعفیٰ دیا تھا سردار اختر مینگل کا استعفیٰ اسپیکر قومی اسمبلی نے 11 فروری 2026 کو باقاعدہ طور پر منظور کیا تھا۔

بقیہ 11

علاقائی صورتِ حال اور بین الاقوامی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا جبکہ تنازعات کے خاتمے کے لیے پاکستان کی عالمی کی کوششوں پر بھی بات چیت ہوئی۔ ملاقات میں اقوام متحدہ کے قیام امن خصوصاً پاکستان کی لازوال خدمات پر بھی گفتگو کی گئی۔ سیکریٹری جنرل اقوامِ متحدہ نے پاکستان کی امن کے لیے کاوشوں کو سراہا اور عالمی امن و سلامتی برقرار رکھنے کے پاکستان کے طویل المدتی تعاون کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر محسن نقوی نے کہا کہ فیلڈ مارشل اور وزیرِ اعظم شہباز شریف نے امن و استحکام کو فروغ دینے کے لیے کردار ادا کیا۔

بقیہ 12

آنے والے 8 میزائلوں کو مار گرایا گیا، کوئی نقصان رپورٹ نہیں ہوا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق اردن حکومت کے ترجمان ڈاکٹر محمد حسین المومنی نے کہا کہ ایران سے داغے گئے میزائلوں کے اردن کی فضائی حدود میں داخل ہونے کی اطلاعات کے بعد ملک بھر میں فضائی حملے کے خطرے کے سائرن بجا دیئے گئے۔ ان کے مطابق میزائلوں کو بروقت روک کر ناکارہ بنا دیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ اردن کی مسلح افواج مکمل الرٹ ہیں اور مملکت کو درپیش کسی بھی خطرے سے نمٹنے کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہیں تاکہ ملکی سلامتی اور شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے۔ ڈاکٹر المومنی نے کہا کہ متعلقہ ادارے شہریوں اور رہائشیوں کو ضروری ہدایات اور معلومات فراہم کریں گے، جبکہ عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ صرف سرکاری معلومات پر اعتماد اور متعلقہ ہدایات پر عمل کریں۔ عوام سے جھوٹی خبروں کے پھیلاسے گریز کی اپیل بھی کی گئی ہے۔

بقیہ 13

میں تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کے طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔ دفتر خارجہ کے مطابق انہوں نے پاکستان اور یورپی یونین کے تعاون کے مختلف پہلوں کے علاوہ علاقائی اور عالمی اہمیت کے امور پر بھی خیالات کا تبادلہ کیا۔ دیرپا ترقی، علاقائی استحکام اور عالمی اقتصادی انضمام میں رابطہ (کنیکٹیویٹی) کی اہمیت کو تسلیم کرتے ہوئے فریقین نے پاکستان اور کروشیا کی بندرگاہوں کے درمیان تعاون کے امکانات اور مواقع پر بھی بات چیت کی۔ دونوں ممالک نے رواں سال یا 2027 کے اوائل میں دوطرفہ سیاسی مشاورت کے انعقاد پر اتفاق کیا۔ یہ دورہ دونوں ممالک کے درمیان تعلقات کو مزید مستحکم کرنے کی جانب ایک اہم قدم ہے۔ قبل ازیں نائب وزیراعظم اور وزیرخارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار کروشیا کے وزیر برائے خارجہ و یورپی امور ڈاکٹر گورڈن گرلیچ ریڈمین اور کروشین وفد کا وزارت خارجہ آمد پر استقبال کیا۔ بعد ازاں مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے نائب وزیراعظم اسحاق ڈار نے کہا کہ افغانستان میں موجود دہشت گرد تنظیمیں پاکستان کی سلامتی کے لیے مسلسل خطرہ ہیں، کسی بھی ملک خصوصاً پاکستان کے خلاف استعمال نہیں ہونی چاہیے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ عالمی برادری کو دہشت گردی کے خاتمے کے لیے مشترکہ کوششیں تیز کرنا ہوں گی۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کی جانب سے سندھ طاس معاہدے کی یکطرفہ معطلی، پانی کو بطور ہتھیار استعمال کرنا بین الاقوامی قوانین اور معاہدوں کی خلاف ورزی ہے۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت خطے میں امن کے فروغ کی اہم پیش رفت ہے۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کروشین وزیرِ خارجہ نے کہا کہ میرا دورہ پاکستان دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور کروشیا کے تعلقات باہمی احترام اور اعتماد کی بنیاد پر استوار ہیں۔

بقیہ 14

کو گرفتار کر کے پیش کرنے کا حکم برقرار رکھا ہے۔ اسلام آباد کی مقامی عدالت نے عدم حاضری پر سہیل آفریدی کے ناقابلِ ضمانت وارنٹِ گرفتاری برقرار رکھتے ہوئے انہیں گرفتار کر کے عدالت میں پیش کرنے کا حکم بھی برقرار رکھا۔ سول جج عباس شاہ کی عدم دستیابی کے باعث کیس کی سماعت 21 جولائی تک ملتوی کر دی گئی۔ واضح رہے کہ سہیل آفریدی کے خلاف پیکا ایکٹ کے تحت این سی سی آئی اے نے ریاستی اداروں پر الزامات لگانے کے الزام میں مقدمہ درج کر رکھا ہے۔

بقیہ 15

ہوئے کہا ہے کہ امن دشمن عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکتے۔ اپنے بیان میں وزیر داخلہ نے کہا کہ بلوچستان کے عوام، قبائل اور سیکیورٹی ادارے دہشت گردی کے خلاف متحد ہیں اور دشمن قوتوں کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ قانون نافذ کرنے والے ادارے دہشت گردوں کے خلاف بھرپور کارروائیاں کر رہے ہیں اور خضدار واقعے میں ملوث عناصر کی گرفتاری کے لیے سرچ آپریشن جاری ہے۔ میر ضیا اللہ لانگو نے کہا کہ حکومت بلوچستان صوبے میں امن و امان کی صورتحال کو ہر قیمت پر برقرار رکھنے کے لیے پرعزم ہے اور دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پوری قوم متحد ہے اور سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں ہرگز رائیگاں نہیں جائیں گی۔ دہشت گرد عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو قانون کے کٹہرے میں لا کر انصاف کے تقاضے ہر صورت پورے کیے جائیں گے۔

بقیہ 16

پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران سینئر وزیر شرجیل انعام میمن نے وفد کو کراچی میں جاری بیلو لائن بی آر ٹی منصوبے پر ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ سندھ حکومت اس منصوبے کو مقررہ معیار اور رفتار کے مطابق مکمل کرنے کے لیے بھرپور اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت عوام کو جدید، محفوظ اور معیاری سفری سہولیات کی فراہمی کو اپنی اولین ترجیح سمجھتی ہے۔ عالمی بینک کے وفد نے سندھ حکومت کی جانب سے عوامی ٹرانسپورٹ کے شعبے میں کی جانے والی اصلاحات، ای وی بس سروس اور خواتین کے لیے متعارف کرائی گئی پنک ای وی اسکوٹی اسکیم کو قابلِ تحسین قرار دیتے ہوئے کہا کہ ایسے منصوبے نہ صرف شہریوں کو بہتر سفری سہولیات فراہم کریں گے بلکہ ماحولیاتی تحفظ اور پائیدار ترقی کے اہداف کے حصول میں بھی اہم کردار ادا کریں گے۔ وفد نے منصوبوں کی شفافیت، مؤثر نگرانی اور رسک مینیجمنٹ کے نظام کو مزید مضبوط بنانے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ نجی شعبے اور سرمایہ کاروں کی زیادہ سے زیادہ شمولیت سے منصوبوں کی پائیداری اور دائرہ کار میں مزید وسعت لائی جاسکتی ہے۔ اس موقع پر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ بڑے ترقیاتی منصوبوں کی کامیابی کے لیے تمام متعلقہ اداروں کے درمیان مضبوط رابطہ کاری ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ تمام شراکت داروں کو ایک پلیٹ فارم پر متحد ہو کر کام کرنا ہوگا تاکہ ترقیاتی منصوبوں کے ثمرات بروقت عوام تک پہنچ سکیں۔ سینئر وزیر نے وفد کو سندھ حکومت کے مجوزہ ایکسکلوسیو بس روٹس منصوبے سے بھی آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ یہ منصوبہ پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ ماڈل کے تحت متعارف کرایا جارہا ہے، جس کے ذریعے نجی سرمایہ کاروں کے لیے وسیع سرمایہ کاری کے مواق

پنجگور، بلوچستان نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ کے زیر اہتمام (یونیسیف) کے تعاون سے پیرنٹنگ منتھ 2026 کی مناسبت سے واک کا انعقاد کیا جارہا ہے

کوئٹہ میں 2 بڑے دھرنے جاری، شہر کا ٹریفک نظام شدید متاثر

زیارت کے شہید پولیس اہلکاروں اور ہنہ اوڑک کے متاثرین کا احتجاج، تدفین موخر، انصاف اور تحفظ کا مطالبہ

صوبائی دارالحکومت میں سکیورٹی ہائی الرٹ، دھرنوں کے باعث اہم شاہراہیں بند، شہریوں کو شدید مشکلات

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں زیارت اور ہنہ اوڑک کے سانحات کے خلاف احتجاج میں شدت آ گئی ہے۔ زیارت میں مسلح حملے میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کے ورثا نے لاشیں سڑک پر رکھ کر احتجاجی دھرنا دے دیا، جبکہ ہنہ (بقیہ نمبر 1 صفحہ 2 پر)

درخواست گزار عبدالصمد کا تین سال سے بلاک شناختی کارڈ بحال کروا دیا

کوئٹہ (این این آئی) وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار عبدالصمد کا تین سال سے بلاک شناختی کارڈ بحال کروا دیا گیا۔ درخواست گزار عبدالصمد نے بتایا کہ ان کا شناختی کارڈ گزشتہ تین سال سے بلاک تھا۔ اس کی بحالی کے لیے وہ مختلف کمیٹیوں کے سامنے پیش ہوا، تاہم اس کی کوئی شنوائی نہ ہوئی۔ بالآخر انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل آفس کوئٹہ سے رجوع کیا اور متعلقہ محکمے کی عدم توجہی اور غیر ضروری تاخیر کے خلاف درخواست دائر کی۔ درخواست موصول ہوتے ہی وفاقی محتسب کوئٹہ نے بروقت انکوائری کا آغاز کیا اور متعلقہ محکمہ کو طلب کر کے کیس کی فوری سماعت کی۔ دورانِ سماعت متعلقہ محکمہ کوئی تسلی بخش جواب پیش نہ کر سکا۔

انسانی جان و مال کا تحفظ ہماری اولین ترجیح ہے، عبدالرزاق خجک

ہنگامی صورتحال میں امدادی کارروائیوں کے لیے مشینری اور عملے کی دستیابی کو ہر صورت یقینی بنایا جائے

موسیٰ خیل (خ ن) ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق خجک کی زیرِ صدارت ممکنہ مون سون بارشوں اور کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات کا جائزہ لینے کے حوالے سے اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایس پی پولیس کلیم اللہ کاکڑ، اسسٹنٹ کمشنر موسیٰ خیل (بقیہ نمبر 2 صفحہ 2 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل سے حافظ عثمان اختر کی قیادت میں گرینڈ الائنس ژوب کا وفد ملاقات کر رہا ہے

گرینڈ الائنس ژوب کے وفد کی گورنر بلوچستان سے قات

سرکاری ملازمین کے جائز مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے مؤثر اور فوری اقدامات کیے جائیں، گورنر

ژوب (رفیق قیصرانی) گرینڈ الائنس ژوب کے ایک وفد نے حافظ عثمان اختر کی قیادت میں گورنر بلوچستان، شیخ جعفر خان مندوخیل سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن بلوچستان کے مرکزی سینئر نائب صدر حافظ عثمان اختر نے گرینڈ الائنس (بقیہ نمبر 4 صفحہ 2 پر)

پنجگور، پیرنٹنگ منتھ 2026 کی مناسبت سے سیمینار اور آگاہی واک کا انعقاد

سیمینار کے مہمان خصوصی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر پنجگور ڈاکٹر عابد علی ریکی تھے

پنجگور (پ ر) بلوچستان نیوٹریشن ڈائریکٹوریٹ کے زیر اہتمام (یونیسیف) کے تعاون سے پیرنٹنگ منتھ 2026 کی مناسبت سے ڈی ایچ او آفس پنجگور میں ضلعی سطح پر ایک (بقیہ نمبر 10 صفحہ 2 پر)

ثمینہ ممتاز زہری کی زیر صدارت سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کا اہم اجلاس

شہریوں کو موثر، تیز رفتار اور قابل اعتماد شکایتی نظام کی فراہمی ناگزیر ہے، ثمینہ ممتاز زہری

اسلام آباد (پ ر) سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کی چیئرپرسن سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری نے کہا ہے کہ ریاستی اداروں کی کمزوریوں یا تکنیکی خامیوں کا بوجھ عوام پر نہیں (بقیہ نمبر 11 صفحہ 2 پر)

اسلام آباد: سینیٹر ثمینہ ممتاز زہری سینٹ قائمہ کمیٹی برائے انسانی حقوق کے اہم اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

کوئلہ پھاٹک پر زیارت میں شہید ہونے والے پولیس اہلکاروں کی میتیں ایمبولینسز میں رکھی ہوئی ہیں

بلوچستان کو امن دینا ریاست کی ذمہ داری

انسانی جانوں کا تحفظ ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے

ہدایت الرحمٰن بلوچ

زیارت ہنہ اوڑک سمیت تمام متاثرہ خاندانوں کو فوری ریلیف، انصاف اور ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے

بلوچستان کے امن و ترقی میں ریاست ناکام ہوئی ہے، ہمیشہ کی طرح بلوچستان ایک بار پھر خون میں نہلا دیا گیا ہے

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ آرمی چیف، وزیراعظم نے اگر شہداء لواحقین سے ملاقات نہیں کیا اور ان کے مطالبات نہ مانے تو یہ بلوچستان کے زخموں پر نمک چھڑکنے اور عوام کے غم و غصے میں مزید (بقیہ نمبر 19 صفحہ 2 پر)

پشاور جانے والی ٹرین معطل کر دی

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ ریلویز نے بلوچستان سے جعفرات کو کوئٹہ سے پشاور جانے والی ٹرین معطل کر دی۔ ریلویز حکام کے مطابق ٹرین سروس ریلوے ٹریک پر مرمتی کاموں کے باعث معطل کی گئی ہے۔ حکام نے بتایا کہ جعفرات کو پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس کی روانگی منسوخ کر دی گئی

زیارت، شہید 3 پولیس اہلکاروں کی نماز جنازہ ادا، مکمل سرکاری اعزاز کیساتھ سپردِ خاک

کوئٹہ (این این آئی) ضلع زیارت کے علاقے سنجاوی میں دہشت گرد حملے میں شہید ہونے والے بلوچستان پولیس کے 3 اہلکاروں کی نمازِ جنازہ سنجاوی فٹبال گراؤنڈ میں سرکاری اعزاز کے ساتھ ادا کر دی گئی۔ ترجمان بلوچستان پولیس کے مطابق نمازِ جنازہ میں ڈی آئی جی (بقیہ نمبر 21 صفحہ 2 پر)

معذور طلبا کی مدد کرنا ایک مشترکہ سماجی ذمہ داری ہے، میر سیف اللہ کھیتران

محکمہ بلوچستان بھر میں معذور افراد کے لئے جامع تعلیم، ہنر کی ترقی اور سماجی بااختیار بنانے کے اقدامات کو بڑھاتا رہے گا

کوئٹہ (خ ن) ڈائریکٹر جنرل سوشل ویلفیئر حکومت بلوچستان میر سیف اللہ کھیتران نے پائیدار فلاحی اقدامات کے ذریعے شمولیتی تعلیم کے فروغ اور معذور افراد کے لئے (بقیہ نمبر 12 صفحہ 2 پر)

تمام ترقیاتی سرگرمیوں کی مؤثر نگرانی کی جائے، فریدہ ترین

طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں

صحبت پور (خ ن) ڈپٹی کمشنر صحبت پور، فریدہ ترین کی زیرِ صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا ایک اہم اور جامع اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ تعلیم اور دیگر متعلقہ محکموں کے (بقیہ نمبر 13 صفحہ 2 پر)

ڈپٹی کمشنر جعفر آباد کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس

گرمیوں کی تعطیلات کے بعد تعلیمی نظام کی بہتری پر خصوصی توجہ دی جائے، خالد خان

جعفر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر جعفر آباد خالد خان کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ تعلیم سمیت متعلقہ محکموں کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس میں اسکولوں کی گرمیوں کی تعطیلات، تعلیمی اداروں میں جاری تعمیراتی کاموں، درپیش (بقیہ نمبر 20 صفحہ 2 پر)

عوامی خدمت کے عزائم میں جواب دہی اور شفافیت حکومت کی ترجیح ہے، شارمد

عوام کو صحت کی معیاری اور بروقت سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے کسی بھی قسم کی غفلت یا نااہلی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی

حکومت عوام کے جان و مال کے تحفظ اور بنیادی سہولیات کی فراہمی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کرے گی، معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) معاون وزیر اعلیٰ بلوچستان برائے سیاسی و میڈیا امور شاہد رند نے کہا ہے کہ خضدار کے افسوسناک واقعہ کے بعد ڈی ایچ کیو ٹیچنگ ہسپتال خضدار میں غیر تسلی بخش طبی انتظامات، انتظامی غفلت اور ناقص کارکردگی کا سخت نوٹس لیتے ہوئے میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈاکٹر سرمد سعید خان کو بلوچستان ایمپلائز ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن ایکٹ 2011 (BEEDA) کے تحت فوری طور پر معطل کر دیا گیا ہے۔ شاہد رند نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر عوام کو صحت کی معیاری اور بروقت سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے کسی بھی قسم کی غفلت (بقیہ نمبر 22 صفحہ 2 پر)

عوامی خدمت کے عزائم کی تکمیل چاہتے ہیں، سید آل ناصر

دہشتگرد ملک کے امن و استحکام کو نقصان پہنچا کر مذموم عزائم کی تکمیل چاہتے ہیں، سید آل ناصر

مسلح افواج بے مثال جرات، عزم اور قربانی کے جذبے کے ساتھ وطنِ عزیز کے دفاع اور عوام کے تحفظ کے لیے ہر محاذ پر ڈٹی ہوئی ہے

پوری قوم کو اپنے بہادر جوانوں پر فخر ہے، جن کی پیشہ ورانہ صلاحیتوں اور بہادری کا اعتراف دنیا بھر میں کیا جاتا ہے

کوئٹہ (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے صوبہ بلوچستان میں ہونے والے دہشت گرد حملوں کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے شہداء کے بلند درجات، زخمیوں کی جلد صحت یابی اور متاثرہ خاندانوں کے لیے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔ انہوں (بقیہ نمبر 24 صفحہ 2 پر)

ڈیرہ مراد جمالی میں نامعلوم چور درجنوں بجلی کے میٹر لے اڑے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی چوری کی بڑی واردات درجنوں بجلی میٹرز چوری اہل علاقے سخت پریشان بجلی میٹرز کاٹ کر کے چوری کی وجہ سے کئی محلے تاریکی میں ڈوب گئے پولیس کے مطابق سٹی پولیس تھانہ ڈیرہ مراد جمالی کی حدود وارڈ نمبر 38 جھنڈیل محلہ سمیت دیگر محلوں میں گزشتہ شب نامعلوم چور درجنوں بھر بجلی کے میٹرز چوری کر کے فرار ہو گئے بجلی میٹرز کی چوری کی وجہ سے متعدد محلات تاریکی مین ڈوب گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس جائے وقوع پر پہنچ گئی

دالبندین، نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ ایک شخص جاں بحق، دوسرا زخمی

دالبندین (این این آئی) دالبندین کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو ہلاک جبکہ دوسرے کو زخمی کر دیا۔ پولیس کے مطابق جمعرات کو دالبندین کے علاقے گلی خدائے رحیم جنوبی میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے علاؤ الدین ولد محمد یونس کو ہلاک جبکہ ایک شخص کو زخمی کر دیا اور موقع سے فرار ہو گئے۔ پولیس نے نعش اور زخمی کو فوری طور پر پرنس فہد ہسپتال دالبندین منتقل کر دیا

اسسٹنٹ کمشنر بیلہ کی زیر صدارت اے سی آفس اور تحصیلدار آفس کے اسٹاف کا اجلاس

لسبیلہ (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر بیلہ نصیب اللہ بڑیچ کی زیرِ صدارت اے سی آفس اور تحصیلدار آفس کے اسٹاف کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں دفتری امور، عوامی خدمات کی بہتری، سرکاری فرائض کی بروقت انجام دہی، نظم و ضبط اور انتظامی معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے اسٹاف کو ہدایت کی کہ وہ اپنے فرائض دیانتداری، ذمہ داری اور خوش اخلاقی کے ساتھ انجام دیں، سرکاری امور کو مقررہ وقت کے اندر نمٹائیں

پبلشر نذیر احمد نے سعید پرنٹنگ پریس مندوخیل پلازہ مشن روڈ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ گوادر بزنس کوئٹہ یونیورسل کمپلیکس آفس نمبر 10 فیز 1 انڈر گراؤنڈ کالون روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔
فون نمبر 0302-3883708
اسلام آباد بیورو چیف 0300-9731626

عوامی خدمت کے لیے مؤثر کردار ادا کریں گے بابو ارشاد علی لغاری

ارشاد علی لغاری نے سرکل آفس ایریگیشن سبی کا چارج سنبھال لیا، مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی مبارکباد

سبی (یو این اے) سپرنٹنڈنٹ ارشاد علی لغاری نے سرکل آفس ایریگیشن سبی کا چارج سنبھال لیا، مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی مبارکباد تفصیلات کے مطابق سرکل آفس ایریگیشن سبی میں بطور سپرنٹنڈنٹ تعینات ہونے والے بابو ارشاد علی لغاری نے (بقیہ نمبر 23 صفحہ 2 پر)

محکمہ ادارہ تحفظ ماحولیات کے ڈائریکٹر جنرل ظہور احمد بلوچ کو محکمہ ماحولیات حکومت پنجاب کا وفد عمر اشرف کی قیادت میں بریفنگ دے رہا ہے

شہدا کا خون رائیگاں نہیں جائیگا، دہشتگردی کے خاتمے تک کارروائیاں جاری رہیں گی، فیصل جمالی

دشمن عناصر کو ہر محاذ پر شکست کا سامنا کرنا پڑے گا اور ملک دشمن قوتوں کے عزائم خاک میں ملا دیے جائیں گے

بلوچستان امن، بھائی چارے اور محبت کی سرزمین ہے، دہشت گردوں کے عزائم ہرصورت ناکام بنائیں گے

اوستہ محمد (یو این اے) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک اور پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما سردار زادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ شہدا کا خون ہرگز رائیگاں نہیں جائے گا، دہشت گردی کے ناسور کے مکمل خاتمے تک ریاستی اداروں کی کارروائیاں جاری رہیں گی، جبکہ پوری (بقیہ نمبر 5 صفحہ 2 پر)

زرعی پانی کی بلاتعطل فراہمی ناگزیر ہے، صلاح الدین نورزئی

نصیر آباد ڈویژن بلوچستان کا واحد گرین بیلٹ ہے جہاں کی معیشت کا انحصار زراعت پر ہے

نصیر آباد (خ ن) کمشنر نصیر آباد ڈویژن صلاح الدین نورزئی سے چیف انجینئر کینالز قربان علی جتوئی کی قیادت میں محکمہ ایریگیشن کے وفد نے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ وفد میں سپرنٹنڈنگ انجینئر ایریگیشن سرکل مدثر ظفر کھوسہ اور ایگزیکٹو انجینئر کینال فرید احمد پندرانی شامل تھے، جبکہ ملاقات کے موقع پر ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل اور اسسٹنٹ کمشنر ڈیرہ مراد (بقیہ نمبر 14 صفحہ 2 پر)

ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر کا کے-الیکٹرک اوتھل آفس کا دورہ

ملاقات کے دوران ایڈی سی نے شہر میں بجلی کی مجموعی صورتحال، آپریشنل امور، اور بجلی سے متعلق معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال

اوتھل (خ ن) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر سراج بلوچ نے کے-الیکٹرک اوتھل آفس کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے منیجر اوتھل بیلہ، جناب ناصر عالم، ڈپٹی منیجر جناب عابد شبیر، اور اسسٹنٹ منیجر ٹیکنیکل، انجینئر مشرف شیخ سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران ایڈی سی نے شہر (بقیہ نمبر 15 صفحہ 2 پر)

مون سون سیزن کے آغاز سے قبل پیشگی حفاظتی اقدامات کرنا ناگزیر ہے، وریندر لعل

حساس علاقوں کی نشاندہی کر کے وہاں خصوصی اقدامات کیے جائیں، ڈپٹی کمشنر نصیر آباد

نصیر آباد (خ ن) ڈپٹی کمشنر نصیر آباد وریندر لعل نے کہا ہے کہ مون سون سیزن کے آغاز سے قبل پیشگی حفاظتی اقدامات کرنا ناگزیر ہے تاکہ ممکنہ بارشوں اور سیلابی صورتحال سے ہونے والے نقصانات کو کم سے کم کیا جا سکے انہوں نے ہدایت کی کہ متعلقہ محکمے گزشتہ برسوں کے (بقیہ نمبر 16 صفحہ 2 پر)

زرغون روڈ کو ریڈ زون جانے والا راستہ ٹرک کھڑا کر کے بند کیا گیا ہے

جماعت اسلامی کی سیاست کا اقتدار نہیں بلکہ انسانیت کی خدمت ہے، ڈاکٹر حمیرا طارق

خدمتِ خلق اور قرآن سے وابستگی ہی پاکستان میں حقیقی اسلامی اور فلاحی معاشرے کی بنیاد ہے

لاہور (پ ر) سیکرٹری جنرل حلقہ خواتین جماعت اسلامی پاکستان ڈاکٹر حمیرا طارق نے منصورہ ہسپتال میں ڈاکٹر فوزیہ اور ان کے اہلِ خانہ کی جانب سے قائم کردہ فری میموگرافی ڈائیگناسٹک سینٹر کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے خواتین کی صحت کے لیے اس مثالی فلاحی (بقیہ نمبر 17 صفحہ 2 پر)

غزالہ گولہ کی سیاسی جدوجہد خواتین کے لیے مشعلِ راہ ہے، حور شاہوانی

خواتین کو بااختیار بنانے اور عوامی خدمت میں غزالہ گولہ کا کردار قابلِ تحسین ہے

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان خواتین ونگ کی صوبائی رابطہ سیکرٹری حور شاہوانی نے کہا ہے کہ ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی اور پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان خواتین ونگ کی صوبائی صدر محترمہ غزالہ گولہ کی سیاسی بصیرت، عوامی خدمت کا جذبہ اور طویل سیاسی جدوجہد پارٹی کارکنان، بالخصوص خواتین کے لیے مشعلِ راہ ہے۔ اپنے جاری کردہ (بقیہ نمبر 18 صفحہ 2 پر)

جھل مگسی، مبینہ سیاہ کاری کے الزام میں خاتون سمیت 2 افراد قتل کر دیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جھل مگسی کے علاقے میں سیاہ کاری کے الزام میں ایک عورت سمیت دو افراد کو موت کے گھاٹ اتار دیا گیا ملزمان فرار ہو گئے پولیس کے مطابق جھل مگسی سٹی پولیس تھانے کی حدود گوٹھ میر واہ میں مسلح افراد نے مبینہ سیاہ کاری کے الزام میں فائرنگ کر کے ایک عورت حلیمہ بی بی زوجہ غلام نبی اور انکے مبینہ آشنا صحبت خان ولد آدم خان کو قتل کر دیا اور واردات کے بعد ملزمان فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے

صحبت پور پولیس کی بڑی کارروائی، قتل سمیت سنگین مقدمات میں مطلوب روپوش ملزم گرفتار

اوستہ محمد (یو این اے) صحبت پور پولیس نے ایک کامیاب کارروائی کے دوران قتل اور دیگر سنگین مقدمات میں مطلوب روپوش ملزم کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ایس پی صحبت پور خلیل اللہ کاکڑ کی خصوصی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل سنہڑی عابد علی بگٹی کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ سنہڑی انسپکٹر پنہل خان جمالی نے پولیس ٹیم، جس میں عبدالرشید ہڈر اور دیگر اہلکار شامل تھے، کے ہمراہ کارروائی کرتے ہوئے (بقیہ نمبر 6 صفحہ 2 پر)

وزیر اعلیٰ کا ملک فدا الرحمٰن کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے معروف کالم نگار، ادیب، دانشور اور چیئرمین ادبی و ثقافتی تنظیم ''آئینہ اسلام آباد'' ملک فدا الرحمٰن (شفق پتنیان) کے انتقال پر دلی رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مرحوم کی وفات سے ادب، صحافت اور فکری حلقے ایک باوقار اور مخلص شخصیت سے محروم ہو گئے ہیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ ملک فدا الرحمٰن نے اپنی تحریروں، علمی خدمات اور ادبی سرگرمیوں کے ذریعے معاشرے میں مثبت سوچ، قومی شعور اور ادبی اقدار کے فروغ میں گراں قدر کردار ادا کیا۔ ان کی خدمات ہمیشہ یاد رکھی جائیں گی

جیکب آباد پولیس کا جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بڑا کریک ڈاؤن

ناکہ بندی تلاش ایپ اور سی آر آئی سسٹم کے ذریعے سینکڑوں مشتبہ افراد اور گاڑیوں کی بائیومیٹرک ویریفکیشن

جیکب آباد (انیس جکھرانی) ایس ایس پی جیکب آباد کیپٹن (ر) فیضان علی کے احکامات پر امن و امان کے قیام، جرائم کی روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے ضلع بھر میں پولیس کی جانب سے جنرل ہولڈ اپ سخت ناکہ بندی اور اسنیپ چیکنگ (بقیہ نمبر 7 صفحہ 2 پر)

بلوچستان پاکستان کا محبِّ وطن صوبہ ہے، میر عثمان گورگیج

بلوچستان میں دہشت گردی کے پیچھے موجود بیرونی سرپرستی کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا

کوئٹہ (خ ن)۔ انٹرنیشنل اوورسیز اکنامک کوریڈور کے ڈائریکٹر جنرل، سیاسی، قبائلی و سماجی رہنما میر عثمان گورگیج نے کہا ہے کہ ان کے نزدیک پاکستان، بالخصوص بلوچستان میں دہشت گردی کے پیچھے موجود بیرونی سرپرستی کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔ انہوں نے کہا کہ ان (بقیہ نمبر 8 صفحہ 2 پر)

سیوریج کے پانی سے کاشت کی جانے والی مضرِ صحت سبزیوں کے خلاف کریک ڈاؤن مسلسل

تقریباً 22 ایکڑ رقبے پر سیوریج کے آلودہ پانی سے کاشت کی گئی بند گوبھی کی فصل تلف کر دی

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی حاجی نور محمد دمڑ کی خصوصی ہدایات پر عوام کو محفوظ اور معیاری خوراک کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی جانب سے سیوریج کے پانی سے کاشت کی جانے والی مضرِ صحت سبزیوں کے خلاف بھرپور (بقیہ نمبر 9 صفحہ 2 پر)

کوئٹہ: جمعیت علماء اسلام کے رکن بلوچستان اسمبلی میر زابد ریکی چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر شوکت علی جوگیزئی سے کیسکو ہیڈ کوارٹر میں ملاقات کر رہے ہیں

اوستہ محمد، کمانڈ ایریا کے حصے کا پانی چوری کے خلاف کریک ڈان

متعدد غیر قانونی پائپس اکھاڑ دیے، پانی چوری میں استعمال ہونے والی مشینری و دیگر سامان ضبط کر لیا

استا محمد (خ ن) کیرتھر کینال میں زرعی پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانے اور کمانڈ ایریا کے حصے کا پانی چوری کرنے والوں کے خلاف محکمہ ایریگیشن نے کارروائی کرتے ہوئے متعدد غیر قانونی پائپس اکھاڑ دیے اور پانی چوری میں استعمال ہونے والی مشینری و دیگر سامان ضبط (بقیہ نمبر 26 صفحہ 2 پر)

وزیر اعظم شہباز شریف کی کوئٹہ آمد، شہر کی اہم شاہراہیں بند

ٹریفک جام اور سڑکوں کی بندش سے معمولاتِ زندگی متاثر، مریض اور طلبہ بھی پریشان

کوئٹہ (یو این اے) وزیر اعظم شہباز شریف کی کوئٹہ آمد کے موقع پر فول پروف سیکیورٹی انتظامات کے تحت شہر کی مختلف اہم شاہراہوں پر رکاوٹیں کھڑی کر کے آمد و رفت محدود کر دی گئی، جس کے باعث شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ شہر کے مختلف علاقوں میں سڑکوں کی بندش اور ٹریفک کی روانی متاثر ہونے سے سرکاری و نجی اداروں کے ملازمین، طلبہ، مریضوں (بقیہ نمبر 27 صفحہ 2 پر)

مانسہرہ: خواتین عجائب گھر ہزارہ یونیورسٹی میں نوادرات دیکھ رہی ہیں

سردار بابا غلام رسول خان عمرانی کا سندھ کے مختلف علاقوں کا دورہ

عمرانی برادری سے ملاقاتیں اور مرحومین کے ورثاء سے دلی اظہارِ تعزیت

لاڑکانہ/رتودیرو/تاجودیرو/نصیر آباد (محمد یونس عمرانی) صوبائی مشیر برائے لیبر اینڈ مین پاور عمرانی اقوام کے چیف، سردار بابا غلام رسول خان عمرانی نے قبائلی شخصیت سردارزادہ سخی میر ممتاز خان عمرانی اور سردارزادہ میر سالار خان عمرانی کے ہمراہ سندھ کے مختلف علاقوں، جن میں (بقیہ نمبر 25 صفحہ 2 پر)

دہشتگرد امن دشمن عناصر رعایت کے مستحق نہیں، سردار عبدالرحمٰن کھیتران

دہشت گرد عناصر بلوچستان کے امن، ترقی اور خوشحالی کے دشمن ہیں، بزدلانہ حملوں سے عوام کے حوصلے ہرگز پست نہیں کیے جا سکتے

زیارت، کوئٹہ میں دہشت گردوں کے حملے میں پولیس، بے گناہ افراد کی شہادت قابل مذمت ہے، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (این این آئی) سابق صوبائی وزیر اور رکن صوبائی اسمبلی سردار عبدالرحمٰن کھیتران نے ضلع زیارت اور کوئٹہ ہنہ اڑوک میں پیش آنے والے دہشت گردی کے واقعات کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ معصوم شہریوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کو نشانہ بنانے والے دہشت گرد کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں۔ انہوں نے زیارت میں پولیس چوکی پر ہونے والے دہشت (بقیہ نمبر 28 صفحہ 2 پر)